https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعۃ المبارک 19 ربیع الثانی 1448ھ 02 اکتوبر 2026ء | شمارہ:205

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



زرداری شہباز گٹھ جوڑ PTI سے مذاکرات کا فیصلہ

حکومتی اتحاد میں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا فیصلہ کرتے ہوئے مشترکہ وفد تشکیل دے دیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات

ملاقات میں اسحاق ڈار، محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم رانا ثناء اللہ منصور عثمان اعوان، ڈاکٹر توقیر شاہ، سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، شرجیل انعام میمن اور سید ناصر حسین شاہ بھی شریک تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتی اتحاد میں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا فیصلہ کرتے ہوئے مشترکہ وفد تشکیل دے دیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ایوان صدر میں ملاقات ہوئی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



سینیٹر محمد اورنگزیب

پائیدار معاشی ترقی کیلئے نجی شعبے کو قیادت کرنا ہوگی

وزیراعظم کے ''اپنا گھر پروگرام'' کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں تقریباً 60 ارب روپے کی فنانسنگ فراہم کی جا چکی ہے جبکہ مزید تقریباً 340 ارب روپے کی فنانسنگ منظور ہو چکی ہے جو ادائیگی کی منتظر ہے

عارف حبیب کارپوریشن کے چیئرمین عارف حبیب، مشیر خزانہ خرم شہزاد، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، ایم ڈی پاکستان اسٹاک ایکسچینج فرخ ایچ سبزواری بھی موجود، عارف حبیب نے وزیر خزانہ کے اقدامات کی تعریف کی

کراچی (علیم نواب خان سے) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پائیدار معاشی ترقی، سرمائے کی تشکیل اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی پاکستان کی معاشی پیش رفت کیلئے کلیدی حیثیت رکھتی ہے، معیشت سکڑاؤ اور استحکام کے مرحلے سے نکل کر ترقی کی جانب بڑھ رہی ہے، اب پیداواریت، سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار پر مبنی پائیدار ترقی کی طرف بڑھنا ہوگا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کراچی میں عارف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



کراچی: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نیا ناظم آباد اپار ٹمنٹس ریٹ کی اسٹنگ کے سلسلے میں منعقدہ گونگ تقریب کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں گھنٹی بجا رہے ہیں

سندھ میں ریبیز سے مزید 2 بچے جاں بحق ہوگئے

کراچی (این این آئی) سندھ میں ریبیز کے باعث مزید 2 بچے جاں بحق ہوگئے، جس کے بعد صوبے میں ریبیز سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سرجانی ٹاؤن میں دکان پر فائرنگ، 25 سالہ نوجوان جاں بحق

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن کے گوہرام گوٹھ میں پرچون کی دکان پر فائرنگ سے 25 سالہ عزیز الرحمن جاں بحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی، گلشن اقبال بلاک 13 میں پولیس مقابلہ، زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے عزیز بھٹی پولیس گلشن اقبال بلاک 13 سی میں مبینہ مقابلے کے دوران زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بچوں کو سوشل میڈیا اور آن لائن گیمنگ میں بڑھتے سائبر خطرات کا سامنا

پاکستان میں بچوں میں یوٹیوب سب سے مقبول، انسٹاگرام دوسرے اور واٹس ایپ تیسرے نمبر پر رہا

کراچی (این این آئی) سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپر سکی کے ماہرین نے پاکستان سمیت خطے کے دیگر ممالک میں بچوں کی آن لائن سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے سوشل میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سندھ ٹیکنیکل بورڈ کے ڈی اے ای فرسٹ ایئر کے نتائج کا اعلان

337 امیدواروں میں سے 321 کامیاب، کامیابی کا تناسب 95.2 فیصد رہا

کراچی (این این آئی) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر (ڈی اے ای) فرسٹ ایئر مارننگ و ایوننگ اور براہ راست سیکنڈ ایئر داخلہ پالیسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

واٹر کارپوریشن کے انجینئرز و آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ندیم کرمانی ریٹائرڈ

سید نجمی عالم، احمد علی صدیقی، انجینئر اسد اللہ خان سمیت افسران کی عشائیے میں شرکت

کراچی (این این آئی) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی انجینئرز و آفیسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ایسوسی ایشن کے صدر ندیم احمد کرمانی کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گورنر سندھ سے کریسنٹ آرٹ گیلری کے وفد کی ملاقات

چیئرمین ناصر جاوید، چیف ایگزیکٹیو آفیسر سمیر ناصر اور گیلری کی کیوریٹر سدرا ناصر شامل

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے کریسنٹ آرٹ گیلری کے وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں ملک میں آرٹ کے فروغ، پاکستانی فنکاروں کے فن کو عالمی سطح پر متعارف کرانے اور آئندہ آرٹ نمائشوں کے انعقاد سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں کریسنٹ آرٹ گیلری کے چیئرمین ناصر جاوید، چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیر ناصر اور گیلری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

59 لڑکیوں کے موبائل فونز چوری ہونے کے معاملے میں اہم گرفتاریاں

59 لڑکیوں کو ایکٹیویٹی کے نام پر ملازمت کا جھانسہ دے کر فارم ہاؤس بلایا گیا تھا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ملازمت کے نام پر فارم ہاؤس بلائی گئی 59 لڑکیوں کے موبائل فون لے کر فرار ہونے کے واقعے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ گڈاپ سٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سابقہ قوموں کا انجام ہمارے لیے واضح تنبیہ ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ قرآنِ مجید میں سابقہ قوموں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

نجی اسپتالوں پر پوائنٹ آف سیل ٹیکس کے خلاف ڈاکٹروں کی ریلی

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مقامی ڈاکٹروں نے نجی اسپتالوں اور کلینکس پر پوائنٹ آف سیل ٹیکس کے نفاذ کے خلاف الفتاح چوک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سعید آباد پولیس ٹریننگ کالج سے 1018 ریکروٹس پاس آؤٹ

پولیس کی وردی اعزاز کے ساتھ عظیم ذمہ داری بھی ہے، اہلکار عوام کی جان، مال اور عزت کے محافظ ہیں، آئی جی سندھ

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے شاہد حیات پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد میں 133 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت کی، جہاں تربیت مکمل کرنے والے 1018 ریکروٹس نے پریڈ میں حصہ لیا۔ آئی جی سندھ نے پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کیا اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریکروٹس میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ملک کی سب سے بڑی مزدور اتحاد ٹریڈ یونینز کنفیڈریشن آف پاکستان کے قیام کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک کی بڑی مزدور فیڈریشنز اور یونینز نے ملک کے سب سے بڑے مزدور اتحاد، ٹریڈ یونینز کنفیڈریشن آف پاکستان کے قیام کا اعلان کر دیا۔ کنفیڈریشن نے مزدوروں کے خلاف جبر، استحصال اور بنیادی حقوق کی پامالی کے خلاف بھرپور مزاحمت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ملک میں سونے کی قیمت بڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر کم

فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 8 ہزار 636 روپے ہوگیا

10 گرام سونے کا بھاؤ 2572 روپے کم ہونے کے بعد 3 لاکھ 76 ہزار 59 روپے ہوگیا

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی قیمت بڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر گر گئی۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 3000 روپے کی کمی کے بعد فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 38 ہزار 636 روپے ہوگیا۔ 10 گرام سونے کا بھاؤ 2572 روپے کم ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سندھ کے ساحلی و سمندری وسائل قیمتی اثاثہ ہیں، پائیدار استعمال ضروری ہے، گورنر سندھ

ساحلی علاقوں میں ماہی گیری، سمندری تجارت، ایکوا اسپورٹس اور ساحلی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں، نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ سندھ کے ساحلی اور سمندری وسائل صوبے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کے مؤثر اور پائیدار استعمال کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور شعبوں کے درمیان مؤثر رابطہ و تعاون ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کراچی کی ترقی کے ساتھ تعلیم و صحت کی سہولت بھی ترجیح ہے، کرم اللہ وقاصی

لیاری میں چھ اسکولوں کی دی سٹیزنز فاؤنڈیشن کے حوالے کرنا بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے

شہر کے مختلف علاقوں میں جاری منصوبوں کی نگرانی کا عمل بھی مسلسل جاری رہے گا، ترجمان میئر کراچی

کراچی (این این آئی) ترجمانِ میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ میئر کراچی بیرسٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان ایڈورٹائزنگ کے انتخاب کا 14 رکنی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی منتخب

نعمان نبی احمد چیئرمین، جواد ہمایوں سینئر وائس چیئرمین اور ندا حیدر وائس چیئرپرسن، جاوید قدیر خان چیئرمین زون اے منتخب

نیا ایڈوائزری گروپ تشکیل، احمد کپاڈیا بطور چیئرمین ایمریٹس کرینگے، علیم درانی، ذیشان خان، سلمان منصور انکے ہمراہ اراکین منتخب

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن (پی اے اے) نے اپنے 11 ویں سالانہ جنرل اجلاس میں سال 2026-2028 کے لیے ہونے والے انتخابات کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے نئی 14 رکنی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی (سی ای سی) منتخب کر لی ہے۔ نئی کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے انتخاب 2026-2028 کے موقع پر نومنتخب چیئرمین نعمان نبی احمد کا دیگر عہدیداران و اراکین کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

ناتص منصوبہ بندی نے شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال دیا، سردار عبدالرحیم

بی آر ٹی ریڈ لائن کے زیر تعمیر پل کا اسٹرکچر گرنے اور سیکیورٹی گارڈ کے جاں بحق ہونے پر شدید مذمت

جاں بحق سیکیورٹی گارڈ کے اہلخانہ کو فوری اور مناسب مالی معاوضہ دیا جائے، سیکریٹری جنرل مسلم لیگ فنکشنل

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے یونیورسٹی روڈ پر بیت المکرم مسجد کے قریب بی آر ٹی ریڈ لائن کے زیر تعمیر پل کا لوہے کا اسٹرکچر گرنے اور سیکیورٹی گارڈ کے جاں بحق ہونے پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے نے سندھ حکومت اور ترقیاتی منصوبوں میں جاری مبینہ کرپشن اور ناقص کارکردگی کے پول کھول دیے ہیں۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ حکومت سندھ اور متعلقہ ٹھیکیداروں کی مبینہ غفلت اور ناقص منصوبہ بندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

شہید بینظیر آباد کے مراکز صحت پر اینٹی ریبیز ویکسین وافر مقدار میں دستیاب

اگست، ستمبر میں 3135 افراد کو کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسین دی گئی، ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی

نواب شاہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی شہید بینظیر آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پالیسی سازی اور اس پر عمل درآمد وفاقی حکومت کے اختیار میں ہے، جاوید بلوانی

حکومت کاروبار کرنے کی لاگت، کاروبار میں آسانی اور مسابقت کے مسائل حل کرے

10 سالہ وفاقی پالیسی کے تحت ''برآمدات'' کو مکمل طور پر وفاقی معاملہ قرار دیا جائے، سابق صدر کراچی چیمبر

کراچی (بزنس رپورٹر) ''برآمدات اٹاثہ ہے، بوجھ نہیں۔ معیار مسئلہ نہیں بلکہ مسابقت کا فقدان اصل مسئلہ ہے۔ برآمد کنندگان کو حکومتی پالیسیوں کی ساختی ناکامیوں کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جانا چاہیے۔ حکومت کو کاروبار کرنے کی لاگت، کاروبار میں آسانی اور مسابقت کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے مسائل حل کرنا ہوں گے۔ وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ برآمد دوست پالیسیوں پر مؤثر عمل درآمد کرے تاکہ برآمدات میں اضافہ ہو۔'' یہ بات آل پاکستان ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز فورم کے چیف کوآرڈینیٹر محمد جاوید بلوانی نے آج پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں وزیراعظم کے بیان اور خطاب پر تبصرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ذکریا اکبر ضیاء نے آئی سی سی آئی کے صدر کا عہدہ سنبھال لیا

کاروباری برادری کے مفادات کے تحفظ اور مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کا عزم کرتا ہوں، نومنتخب صدر کا خصوصی مکالمہ

سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے بھی ذمہ داریاں سنبھال لیں، شیخ طارق صادق، عبدالرؤف عالم، ظفر بختاوری کی اہم شرکت

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے نومنتخب صدر محمد زکریا اے ضیاء نے جھرات کو باضابطہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا، جبکہ محمد اشفاق حسین چٹھہ نے سینئر نائب صدر اور محمد وقاص خان نے نائب صدر کی حیثیت سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

میر رضا کیس؛ جوڈیشل کمیشن کی مدت میں 15 اکتوبر تک توسیع

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے میر رضا علی کے قتل کیس کی غیر جانب دارانہ اور شفاف تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں کمیشن کی مدت 15 اکتوبر تک بڑھانے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ایم ڈی کیٹ کی مبینہ متنازع آنسر کیز کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست

سوالیہ پرچہ اور جوابی کلید 3 روز میں ویب سائٹ پر جاری کرنے کی استدعا، حتمی میرٹ لسٹ اور داخلوں کو حتمی شکل دینے سے روکنے کی بھی درخواست

کراچی (این این آئی) ایم ڈی کیٹ 2026 کی مبینہ متنازع جوابی کلید کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ نواز ڈاہری ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر درخواست میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل، سکھر آئی بی اے، جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی سمیت 6 فریقین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

گھر میں فائرنگ سے 20 دن کی بچی کی ماں جاں بحق، پولیس کا خودکشی کا دعویٰ

جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 30 سالہ بختاور عرف بکھاں زوجہ رسول بخش کے نام سے کی گئی

پولیس افسر کا کہنا تھا کہ ممکنہ طور پر واقعہ ڈکیتی مزاحمت کا ہو سکتا ہے تاہم تفتیش کے بعد حقائق سامنے آجائیں گے

کراچی (این این آئی) کھوکھر پھاٹک قادر نگر میں گھر کے اندر فائرنگ کے پراسرار واقعے میں ایک بچی کی ماں جاں بحق ہوگئی، پولیس کا دعویٰ ہے کہ خاتون نے خودکشی کی ہے جبکہ مقتول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی: ویسٹ پولیس کی مختلف کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار

مقابلوں میں 3 ملزمان زخمی، گرفتار ملزمان کا اور غیر ملکی سگریٹ برآمد، ڈکیتی کا ملزم 9 لاکھ روپے سمیت پکڑا گیا

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس | نے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 5 زخمیوں سمیت 6 ڈاکو گرفتار، ایک پولیس اہلکار بھی زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران 5 زخمیوں سمیت 6 ڈاکو گرفتار کر لیے گئے، ملزمان کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوگیا پولیس نے ملزمان کے قبضے سے ایم فور رائفل، پستول، گولیاں، موبائل فونز، نقدی اور موٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



اسلام آباد: صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان سے پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی ورثہ و ثقافت محترمہ فرح ناز اکبر ملاقات کر رہی ہیں



کاٹی کے سالانہ عشائیے کے موقع پر پروزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت، ایکسٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، صوبائی وزراء جام اکرام دھاریجو، سعید غنی، نومنتخب صدر شیخ عمر ریحان، میاں زاہد حسین، زاہد حمید، سید طلحہ علی، سید فرخ قدھاری، ناصر شیخ کا لیا گیا گروپ

صنعت کا ست چھوڑیں کاروبار پر توجہ دیں سید مراد علی شاہ

کراچی میں انڈسٹریلائزیشن کے لیے اہم منصوبوں پر پیش رفت خوش آئند ہے، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت، زبیر چھایا

زاہد سعید، جام اکرام اللہ دھاریجو، سعید غنی، جاوید عالم اوڈھو، اختیار بیگ، زبیر طفیل، خالد تواب، ڈاکٹر عبدالباری کی اہم موجودگی

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سے معیشت مستحکم، روزگار کے نئے مواقع پیدا اور بے روزگاری میں کمی لائی جاسکتی ہے، حکومت سندھ صنعتی شعبے کے فروغ اور صنعتکاروں کے مسائل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



اسلام آباد اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی) کے نومنتخب صدر محمد زکریا اے ضیاء سبکدوش ہونے والے صدر سردار طاہر محمود سے اپنے عہدے کا چارج لے رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ کے چیئرمین شیخ طارق، صادق سابق صدور عبدالرؤف عالم، ظفر بختاوری خالد جاوید میاں اکرم، فرید محمد اعجاز عباسی اور میاں شوکت مسعود کونسل ممبر چوہدری مسعود سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری نائب صدر عرفان چوہدری آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ سمیت چیمبر کے دیگر عہدیداران اراکین اور ممتاز تاجر و صنعتکار بھی موجود ہیں۔

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی مسماری۔۔۔!

پاکستان نے بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی منظم اور ریاستی سرپرستی میں مسماری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اِس عمل کی مذمت کی ہے۔ دفترِ خارجہ سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ اسلامی مقدس مقامات کی مختلف بہانوں سے منظم مسماری 1950ء کے انڈیا پاکستان معاہدے (لیاقت نہرو پیکٹ) کی بھی خلاف ورزی ہے جس کے تحت مذہبی اقلیتوں کے حقوق اور اُن کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ یہ بھارت میں جاری جبر اُس کے اپنے قوانین، بالخصوص 1991ء کے پلیسز آف ورشپ ایکٹ کی بھی خلاف ورزی ہے جس کے تحت عبادت گاہوں کا وہی تشخص برقرار رہنا چاہئے جو 15 اگست 1947ء کو تھا، ہندوتوا پر مبنی اسلاموفوبیا مہم نے صدیوں پرانے ورثے اور عبادت گاہوں کی تباہی کو شدید خطرے سے دوچار کر دیا ہے، آپ مُجی، اجمیر شریف اور سہارنپور کلکٹریٹ مسجد سمیت صدیوں پرانی اسلامی عبادت گاہیں نشانہ بنی ہوئی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق 1992ء میں تاریخی بابری مسجد کی مسماری مذہبی عدم برداشت، تعصب اور نفرت پر مبنی نظریے کی ایک ہولناک یاد ہے۔ دفتر خارجہ نے نہ صرف بھارت کی اقلیت کش پالیسیوں کو دنیا کے سامنے بے نقاب کیا بلکہ اُن قانونی و اخلاقی معاہدوں کی یاد دہانی بھی کرائی ہے جنہیں موجودہ بھارتی قیادت پے در پے پامال کر رہی ہے۔ مودی حکومت کی سرپرستی میں جاری ہندوتوا نظریے نے بھارت کے آزاد اور روشن خیال یعنی سیکولر امیج کے ساتھ ساتھ ثقافتی ورثے کو بھی سنگین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ یہ مہم اب محض چند انتہاء پسندوں کا شوق نہیں بلکہ اِسے ریاستی مشن کی شکل دی جا چکی ہے۔ مدھیہ پردیش کے تاریخی شہر اُجین کی صدیوں پرانی شاہی مسجد جسے یقیناً بھارت کا اہم ثقافتی ورثہ ہی قرار دیا جائے گا اُسے 2028ء کے سنگھ ستھ کمبھ میلے کی تیاریوں کے لئے سڑک کی توسیع کے نام پر گرا دینے کی کوشش کرنا انتہائی قابل مذمت ہے، خاص طور پر جبکہ مسجد کی انتظامیہ نے خود سے مسجد کے بعض حصے گرا دیئے تھے اُس کے باوجود غیر ضروری طور پر مسجد کے مینار کو گرانے کی کوشش کرنا صریحاً بدنیتی ظاہر کرتا ہے۔ سالہا سال کی خاموشی اور آئینی دائرے میں رہتے ہوئے احتجاج کے باوجود مسلمانوں کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ بند نہیں ہوا تو اب وہ اپنے بنیادی انسانی و مذہبی حقوق، عزتِ نفس اور اپنے آباؤ اجداد کی تاریخی و مذہبی نشانیوں کے تحفظ کے لئے یک زبان ہو کر سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔



رمضان گوٹھ میں الشفاء فاؤنڈیشن اور یونیسیف کے تعاون سے صحت میلہ

افتتاح ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی نے کیا ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی نے صحت میلے کا دورہ کیا اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی رمضان گوٹھ، یونین کونسل 01 مائی گڑھی میں الشفاء فاؤنڈیشن کے تعاون اور اقوام متحدہ کے ادارے یونیسیف کی معاونت سے صحت میلے کا انعقاد کیا گیا، جس کا افتتاح ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی نے کیا ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی نے صحت میلے کا دورہ کیا اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کونسلر جاوید بروہی، ولی محمد، ماری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جیکب آباد میں مبینہ 1 کروڑ بھتہ طلبی، لیس کی جانبدارانہ پالیسی پر متاثرہ تاجر عدالت پہنچ گیا، سیشن کورٹ میں آج بروز جمعہ اہم سماعت!



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں مبینہ 1 کروڑ بھتہ طلبی، لیس کی جانبدارانہ پالیسی پر متاثرہ تاجر عدالت پہنچ گیا، سیشن کورٹ میں آج بروز جمعہ اہم سماعت! لطیف میڈیکل سینٹر کے مالک عبدالستار بنگلانی سے 1 کروڑ روپے بھتہ طلب کرنے اور 5 مسلح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جیکب آباد میں ڈی سی کے احکامات کاغذ کا ٹکڑا بن گئے، ڈی سی کے تمام خطوط ردی کی ٹوکری میں، سیپکو کا شکایتی سیل مہینوں گزرنے کے باوجود قائم نہ ہوسکا

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں ڈی سی کے احکامات کاغذ کا ٹکڑا بن گئے، ڈی سی کے تمام خطوط ردی کی ٹوکری میں، ڈی سی سیکریٹریٹ میں سیپکو کا شکایتی سیل مہینوں گزرنے کے باوجود قائم نہ ہوسکا؛ بجلی کے ستائے شہریوں کی دادرسی کرنے والا کوئی نہیں! گدائی لائبریری کی بحالی کے لیے سیکریٹری ثقافت اور نائب تعمیراتی کام پر سیکریٹری ورکس کو لکھے گئے خط بے سود! ''ڈی سی کے خطوط اور احکامات محض شوشہ ثابت ہو رہے ہیں یا بالا حکام سنجیدہ نہیں شہریوں کا شدید آکرش اور نالاں ردِعمل تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں ڈپٹی کمشنر کے احکامات، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جیکب آباد پولیس کی کامیاب کارروائیاں، ڈکیتی کے دوران چھینی گئی موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر چوری شدہ سامان ریکور



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد پولیس کی کامیاب کارروائیاں، ڈکیتی کے دوران چھینی گئی موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر چوری شدہ سامان ریکور، تصدیق اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ڈویژنل کمشنر و چیئرمین بورڈ آف گورنرز پبلک اسکول شمیر محمد خان تالپور پبلک اسکول میر پور خاص پہنچ گئے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ڈویژنل کمشنر و چیئرمین بورڈ آف گورنرز پبلک اسکول شمیر خان بھٹو میر شیر محمد خان تالپور پبلک اسکول میر پور خاص پہنچ گئے جہاں پر انہوں نے اکیڈمک بلاک اور بوائز اینڈ گرلز ہاسٹل کا دورہ کیا اس موقع پر کمشنر کو بتایا گیا کہ پبلک اسکول کے ترقیاتی کاموں کی مد میں 100 ملین فنڈز موجود ہیں جس پر کمشنر نے کہا کہ پبلک اسکول کے ترقیاتی کاموں کے لیے موجود فنڈز میں سے پہلے مرحلے میں اکیڈمک بلاک کے ترقیاتی کاموں کا پروپوزل بنایا جائے. بعد ازاں کمشنر نے پبلک اسکول کے بوائز اور گرلز ہاسٹل کی عمارت کا بھی دورہ کیا اس موقع پر ایڈیشنل کمشنرون سجاش چندر، پرنسپل عمران لاڑک، ایکسین ایجوکیشن ورکس عبداللہ عمر انصاری، ایس ڈی او ایجوکیشن ورکس میر پور خاص سجاد علی دایو، ایس ڈی او شکیل احمد اور دیگر متعلقہ افسران ان کے ہمراہ تھے. دریں اثناء کمشنر شمیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مولانا عبدالجبار حیدری کی میرواہ گورچانی میں مختلف مقامات پر تعزیت، مرحومین کے لیے دعائے مغفرت

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) مرکزی ڈپٹی سیکرٹری سنی رابطہ کونسل مولانا عبدالجبار حیدری، ضلعی صدر قاری عبدالرشید اور ضلعی قانونی مشیر خلیل احمد فاروقی نے میرواہ گورچانی کے مختلف مقامات کا دورہ کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مولانا عبدالجبار حیدری نے حاجی جمعہ خان سومرو سے ان کے نوجوان بیٹے نادر علی سومرو کے المناک انتقال پر دلی تعزیت کی اور اہلِ خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں انہوں نے سنی رابطہ کونسل میرواہ گورچانی کے کارکن محمد طلحہ سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر بھی تعزیت کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا، راشد احمد سیکرٹری زون دو



کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا ایم سی کرکٹ گراونڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں سرسید کرکٹ کلب نے الشہداد کرکٹ کلب کو 78 رنز سے شکست دیدی سرسید کرکٹ کلب نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ 33 • 40 اوورز میں تمام کھلاڑیوں کے آوٹ ہونے پر 279 رنز اسکور کئے عون جعفری نے 54 رنز، محمد عمر نے 50 رنز اور فاروق حسن نے 45 رنز اسکور کئے الشہداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سندھ کی زرعی پیداوار کو دھچکا، ٹماٹر کی تھیلی 500 روپے تک پہنچ گئی، پنجاب کے تجارتی گڈز ٹرک سندھ کی منڈیوں میں سرگرم

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) سندھ کی زرعی پیداوار کو دھچکا، ٹماٹر کی تھیلی 500 روپے تک پہنچ گئی، پنجاب کے تجارتی گڈز ٹرک سندھ کی منڈیوں میں سرگرم، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



آٹے کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے، فی کلو 140 روپے تک فروخت، غریب اور مزدور طبقہ شدید پریشان، حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ



کنری (نامہ نگار) کنری اور گردونواح میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام، محنت کشوں اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں کی مشکلات میں مزید اضافہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جیکب آباد میں عام انسان تحریک پاکستان کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کیخلاف تیسرے روز بھی احتجاج

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں عام انسان تحریک پاکستان کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں اضافے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف تیسرے روز بھی ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کے دفتر کے گیٹ کے سامنے علامتی بھوک ہڑتال کی گئی۔ بھوک ہڑتال کی قیادت مرکزی رہنماؤں سید علی شاہ، الطاف میر، عاشق لاشاری، مجیب کھوسو، ایان بلوچ، بلاول لغاری، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

این آئی سی وی ڈی کراچی میں بچوں کیلئے جدید پورٹیبل ایم آر آئی کی سہولت، انتہائی نگہداشت کے مریضوں کو بستر کے قریب تشخیصی سہولت میسر

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی این آئی سی وی ڈی کراچی کے چلڈرن وارڈ میں بچوں کے لیے جدید پورٹیبل ایم آر آئی مشین کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جس کے ذریعے ایسے بچوں کا ایم آر آئی ٹیسٹ ان کے بستر کے قریب ہی کیا جاسکتا ہے جنہیں وارڈ سے ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
اماراتی درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرینی دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپوری ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
براکر مرغی	398/kg
براکر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55



پاکستان اسکول سمٹ 2026، ہپی پیلس گروپ آف اسکولز نے مستقبل کی تعلیم میں نمایاں کردار ادا کیا، بیرسٹر محمد اطہر خان کی تعلیم اور صنعت پر مصنوعی ذہانت کے موضوع پر اہم گفتگو

ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کے لیے یہ سمٹ خصوصی اہمیت کا حامل تھا، جہاں ایم ڈی نے محض شریک ادارے کے طور پر نہیں بلکہ مستقبل کی تعلیم کے حوالے سے جاری قومی مکالمے میں فعال کردار ادا کیا

جنید اللہ والا، صنم پٹھان اور ریحان اللہ والا کا بھی خطاب، جنید اللہ والا کا تعلیم اور صنعت کے درمیان موجود خلا کو اجاگر کرتے ہوئے انسانی وسائل میں مہارت اور حقیقی دنیا سے متعلق عملی صلاحیتیں پیدا کرنے کی ضرورت پر زور

پاکستان اسکول سمٹ کے دوران ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کی پرنسپلز، ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور پی آر او ٹیم نے بھی بھرپور شرکت کی، جبکہ ادارے کے طلبہ اور والدین بھی مختلف سرگرمیوں میں فعال طور پر شریک رہے





کراچی (علیم نواب خان سے) پاکستان اسکول سمٹ 2026 ایک ایسے تعلیمی تصور کے طور پر سامنے آیا جس نے روایتی تعلیمی کانفرنس کے بجائے مستقبل کی تعلیم، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ 25 اور 26 ستمبر 2026 کو ایکسپو سینٹر کراچی میں منعقد ہونے والے اس بڑے ایونٹ میں ملک بھر سے طلبہ، اسکول انتظامیہ، اساتذہ، والدین، ماہرین تعلیم، ٹیکنالوجی پارٹنرز، جدت کاروں اور صنعتی شعبے سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ پاکستان اسکول سمٹ میں مجموعی طور پر 16 ہزار 322 طلبہ، 183 اسکولوں، 237 پرنسپلز، 713 اساتذہ اور 4 ہزار 312 والدین نے شرکت کی۔ سمٹ میں مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، STEM، کوڈنگ، ورچوئل اور آگمینٹڈ رئیلٹی، کیریئرز، تخلیقی صلاحیتوں، قیادت اور مستقبل کی ٹیکنالوجیز سمیت 48 انٹرایکٹو تجربات پیش کیے گئے، جنہوں نے شرکاء کو جدید تعلیم کے بدلتے تقاضوں سے روشناس کرایا۔ ہپی پیلس گروپ آف اسکولز (HPGS) کے لیے یہ سمٹ خصوصی اہمیت کا حامل تھا، جہاں ادارے نے محض شریک ادارے کے طور پر نہیں بلکہ مستقبل کی تعلیم کے حوالے سے جاری قومی مکالمے میں فعال کردار ادا کیا۔ ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کی نمائندگی کرتے ہوئے مینیجنگ ڈائریکٹر بیرسٹر محمد اطہر خان نے ''آئیڈیا ٹاکس'' میں پاور اسپیکر کی حیثیت سے خطاب کیا، جبکہ انہوں نے ''تعلیم اور صنعت پر مصنوعی ذہانت کے اثرات'' کے موضوع پر منعقدہ پینل ڈسکشن میں بھی شرکت کی۔ پینل گفتگو میں جونید اللہ والا، صنم پٹھان اور ریحان اللہ والا نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جونید اللہ والا نے تعلیم اور صنعت کے درمیان موجود خلا کو اجاگر کرتے ہوئے انسانی وسائل میں مہارت اور حقیقی دنیا سے متعلق عملی صلاحیتیں پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صنم پٹھان نے بامعنی تعلیمی اصلاحات کی ضرورت پر روشنی ڈالی اور تدریس و تعلیم کے روایتی طریقوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر زور دیا۔ ریحان اللہ والا نے بچوں کو کم عمری ہی سے ٹیکنالوجی، نئے خیالات، کاروباری سوچ اور تخلیقی امکانات سے متعارف کرانے کے وژن کا اظہار کیا۔ بیرسٹر محمد اطہر خان نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ مستقبل کے لیے تیار تعلیمی نظام ماضی کی سوچ کے ساتھ تشکیل نہیں دیا جاسکتا۔ ان کے مطابق مصنوعی ذہانت تبدیلی کا صرف ایک حصہ ہے، جبکہ اصل ضرورت سیکھنے، مہارت، مواقع، ٹیکنالوجی اور تعلیم کے بنیادی مقصد کے بارے میں سوچ کو تبدیل کرنے کی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی اداروں کو طلبہ کو صرف نصابی علم تک محدود رکھنے کے بجائے ایسی صلاحیتیں فراہم کرنا ہوں گی جو انہیں معاشرے، صنعت اور مستقبل کے بدلتے تقاضوں سے ہم آہنگ کرسکیں۔ تعلیم اور عملی زندگی کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان اسکول سمٹ کے دوران ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کی پرنسپلز، ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور پی آر او ٹیم نے بھی بھرپور شرکت کی، جبکہ ادارے کے طلبہ اور والدین بھی مختلف سرگرمیوں میں فعال طور پر شریک رہے۔ سمٹ کے دوران ہپی پیلس گرامر اسکول کے طلبہ اور والدین نے اپنے تجربات کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی جدید تعلیمی سمت پر فخر کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سمٹ نے طلبہ میں اعتماد پیدا کرنے کے ساتھ یہ احساس بھی اجاگر کیا کہ HPGS پہلے ہی جدید ٹیکنالوجی اور مستقبل پر مبنی تعلیم کو اپنے تعلیمی نظام کا حصہ بنا رہا ہے۔ اس موقع پر ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کو ''اسکول آف دی ایئر- کراچی'' کے اعزاز سے بھی نوازا گیا، جسے ادارے کی انتظامیہ نے طلبہ، والدین، اساتذہ، پرنسپلز، اکیڈمک و انتظامی ٹیموں اور HPGS خاندان کے ہر رکن کی مشترکہ کامیابی قرار دیا۔ پاکستان اسکول سمٹ کے انعقاد پر علی کے چشتی اور ڈاکٹر سعد بن عزیز کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا گیا، جنہوں نے ایک ایسے سمٹ کا تصور پیش کیا جو روایتی تعلیمی کانفرنس سے آگے بڑھ کر تجرباتی، جدید اور مستقبل پر مرکوز قومی پلیٹ فارم بن سکے۔ اسی طرح نوید عباس ایڈن والا، بہروز نورانی، Orbit Advertising & Management Event اور پوری آرگنائزنگ ٹیم کی جانب سے بڑے پیمانے پر منعقد ہونے والے اس پروگرام کی کامیاب انتظامی اور عملی تکمیل کو بھی سراہا گیا۔ پاکستان اسکول سمٹ 2026 نے اس بات کو اجاگر کیا کہ جب تعلیم، ٹیکنالوجی، صنعت اور نوجوانوں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جاتا ہے تو مستقبل کی تعلیم کے حوالے سے گفتگو ایک نئی سمت اختیار کرتی ہے۔ سمٹ کے منتظمین اور شرکاء کے مطابق اب اصل ضرورت یہ ہے کہ ان مباحث اور خیالات کو سمٹ تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ انہیں کلاس رومز، تعلیمی اداروں اور پاکستان کے وسیع تر تعلیمی نظام کا حصہ بنایا جائے۔ مستقبل کی تعلیم محض ماضی کے طریقوں کو برقرار رکھنے سے تشکیل نہیں پائے گی بلکہ اس کے لیے ایسے اداروں، اساتذہ، ماہرین اور رہنماؤں کی ضرورت ہوگی جو تعلیم کو نئے تقاضوں کے مطابق ازسرنو سوچنے، اصلاحات لانے اور آگے بڑھنے کے لیے تیار ہوں۔





بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

صاحب، میڈم کوثر اقبال سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے صحت میلے میں اہل علاقہ کو بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ بچوں کے لیے خصوصی تفریحی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا گیا، جن میں جھولے، مختلف کھیل اور مہندی پینٹنگ شامل تھیں۔ بچوں اور اہل علاقہ نے ان سرگرمیوں میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا تقریب کے دوران یونیسیف کے کنٹری ہیڈ ڈاکٹر جارج کو سندھ کی روایتی ثقافت کی علامت اجرک پیش کی گئی۔ ڈاکٹر جارج نے ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی کی عوامی خدمات اور صحت میلے کے انعقاد میں تعاون کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا منتظمین کے مطابق صحت میلے کا مقصد رمضان گوٹھ اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنا اور بچوں کے لیے صحت مند اور مثبت تفریحی ماحول مہیا کرنا تھا اہل علاقہ نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے الشفاء فاؤنڈیشن، یونیسیف، ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی اور تمام منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

انتظامیہ خاموش میرپورخاص سندھ کی زرعی پیداوار اور آبادگاروں کے معاشی مفادات کو درپیش مسائل ایک بار پھر توجہ کا مرکز بن گئے ہیں۔ سندھ کے مختلف شہروں کی زرعی منڈیوں میں پنجاب سے آنے والے تجارتی گڈز ٹرک مبینہ طور پر کھڑے ہوکر زرعی اجناس کی خرید و فروخت کررہے ہیں، جبکہ متعلقہ مارکیٹ کمیٹیوں اور انتظامیہ کی جانب سے مؤثر نگرانی نہ ہونے پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ دوسری جانب مارکیٹ میں ٹماٹر کی ایک تھیلی کی قیمت 500 روپے تک پہنچنے کی اطلاعات نے بھی زرعی تجارت اور منڈیوں کے نظام پر بحث چھیڑ دی ہے تفصیلات کے مطابق سندھ کے مختلف شہروں میں تجارتی گڈز ٹرکوں کے ذریعے زرعی اجناس کی خرید وفروخت کے حوالے سے شکایات سامنے آرہی ہیں۔ آبادگاروں، ہاریوں اور زرعی شعبے سے وابستہ مزدوروں کو خدشہ ہے کہ منڈیوں میں مؤثر نگرانی اور شفاف تجارتی نظام نہ ہونے کے باعث انہیں اپنی محنت کا مناسب معاوضہ نہیں مل رہا، جبکہ مڈل مین اور بڑے بیوپاری زیادہ منافع حاصل کر رہے ہیں زرعی شعبے سے وابستہ حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر زرعی منڈیوں میں خرید وفروخت کے معاملات کو قواعد وضوابط کے مطابق منظم نہ کیا گیا تو اس کے منفی اثرات براہ راست آبادگاروں اور ہاریوں کی آمدنی پر پڑ سکتے ہیں۔ سندھ کی زرخیز زمینوں پر محنت کرنے والے کسانوں کو اپنی فصلوں کا مناسب معاوضہ ملنا چاہیے تاکہ زرعی معیشت کو مستحکم کیا جا سکے اس صورتحال میں متعلقہ مارکیٹ کمیٹیوں، محکمہ زراعت اور ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ منڈیوں میں جاری تجارتی سرگرمیوں کی جانچ پڑتال کریں، ٹرکوں کے ذریعے ہونے والی خرید وفروخت کے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیں اور آبادگاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کریں اہم سوال یہ ہے کہ سندھ کی زرعی منڈیوں میں قوانین پر عمل درآمد اور نگرانی کا مؤثر نظام کہاں ہے؟ کیا متعلقہ ادارے آبادگاروں اور ہاریوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں گے یا کسان اسی طرح اپنی محنت کا پورا معاوضہ حاصل کرنے کے لیے مشکلات کا سامنا کرتے رہیں گے؟ عوامی اور زرعی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کی جائیں اور زرعی منڈیوں میں قواعد وضوابط پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، تاکہ سندھ کی زرعی پیداوار، آبادگاروں اور ہاریوں کے معاشی مفادات کا تحفظ ہو سکے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

کردیا ہے۔ آٹے کی قیمت 140 روپے فی کلو جبکہ فی من 5600 سے 6000 روپے تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرنا بھی دشوار ہوگیا ہے۔ گندم کی مبینہ قلت، اوپن مارکیٹ میں بڑھتی قیمتوں اور چکی مالکان کو سرکاری کوٹے کی عدم فراہمی کے باعث آٹے کے نرخوں میں مسلسل اضافے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کنری تعلقہ میں آٹے کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے عام شہریوں کی گھریلو معیشت کو شدید متاثر کیا ہے۔ پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور محدود آمدنی کے باعث مشکلات کا شکار غریب اور محنت کش طبقہ اب آٹے کی بڑھتی قیمتوں کے باعث مزید پریشانی میں مبتلا ہے۔ روزانہ محنت مزدوری کرکے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے افراد کے لیے بڑھتے ہوئے اخراجات پورے کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

رئیس غلام مرتضیٰ میرانی، محبوب کھوسو، ظہور کٹیار، افضل میرانی، نوید میرانی اور رحیم داگن نے کی، جبکہ بھوک ہڑتال کیمپ میں سندھ دوست کمیٹی کے چیئرمین انتظار حسین چھلگری، مزدور یونین کے رحیم بروہی اور دیگر کارکنان نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آٹے سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں مبینہ طور پر مصنوعی اضافہ کرکے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے، لیکن مافیا کو لگام دینے والا کوئی نظر نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ آٹے کی قیمتیں سرکاری نرخوں کے مطابق نہیں چلائی جا رہیں۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ 40 کلو کی بوری کے نام پر 38 کلو آٹا دیا جا رہا ہے، جبکہ عوام سے مکمل 40 کلو کے پیسے وصول کیے جاتے ہیں، جس سے عام شہری کو بھاری نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ ماضی میں چوکوں پر پرائس کنٹرول ٹیمیں اور دیگر نگرانی کرنے والی ٹیمیں کام کرتی تھیں، لیکن اب صورتحال یہ ہے کہ عوام سے پوچھ گچھ کرنے والا بھی کوئی نظر نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین روز سے احتجاج جاری ہے، لیکن ضلعی انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ مصنوعی طور پر بڑھائی گئی قیمتیں فوری واپس لے کر آٹا سرکاری نرخوں پر فراہم کیا جائے، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

آر آئی روم تک منتقل کرنا مشکل، تکلیف دہ یا طبی اعتبار سے خطرناک ہوسکتا ہے این آئی سی وی ڈی میں موجود یہ جدید پورٹیبل ایم آر آئی مشین خصوصی طور پر بچوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے استعمال کی جا رہی ہے۔ اس جدید سہولت کی بدولت ایسے مریض بچوں کو، جنہیں انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہو، اسپتال کے مختلف شعبوں کے درمیان منتقل کرنے کی ضرورت کم ہو جاتی ہے اور ان کا ضروری تشخیصی معائنہ ان کی موجودہ طبی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے بستر کے قریب ہی مکمل کیا جا سکتا ہے اس سہولت کی اہمیت ان بچوں کے لیے مزید بڑھ جاتی ہے جو انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہوں، وینٹی لیٹر پر ہوں یا جنہیں مسلسل طبی نگرانی اور مختلف آلات سے منسلک رہنے کی ضرورت ہو۔ ایسے مریضوں کو ایم آر آئی روم تک منتقل کرنا ایک پیچیدہ عمل ہوسکتا ہے، تاہم پورٹیبل ایم آر آئی کی سہولت سے اس عمل کو نسبتاً آسان اور محفوظ بنانے میں مدد ملتی ہیڈز رائع کے مطابق اس جدید مشین کی مالیت تقریباً 50 کروڑ روپے ہے اور اسے بچوں کے علاج اور تشخیص کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے این آئی سی وی ڈی میں بچوں کے لیے ایم آر آئی ٹیسٹ کی سہولت مفت فراہم کی جاتی ہے، جس سے مریض بچوں اور ان کے خاندانوں پر مہنگے تشخیصی ٹیسٹ کے اخراجات کا بوجھ نہیں پڑتا طبی ماہرین کے مطابق بچوں میں بروقت اور درست تشخیص علاج کے عمل میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ خاص طور پر ایسے بچے جو پیچیدہ امراض قلب یا دیگر سنگین طبی مسائل کے باعث اسپتال میں زیر علاج ہوں، ان کے لیے جدید تشخیصی سہولیات کی دستیابی علاج کے مجموعی عمل کو مزید مؤثر بنانے میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں این آئی سی وی ڈی میں بچوں کے لیے جدید طبی سہولیات کی فراہمی کا مقصد نہ صرف بروقت تشخیص کو یقینی بنانا ہے بلکہ ایسے مریض بچوں کو علاج کے دوران غیر ضروری منتقلی اور اضافی طبی خطرات سے بھی محفوظ رکھنا ہے۔ پورٹیبل ایم آر آئی جیسی سہولت بالخصوص انتہائی نگہداشت کے مریض بچوں کے لیے اہم طبی سہولت تصور کی جاتی ہے این آئی سی وی ڈی میں بچوں کے لیے مفت ایم آر آئی سہولت اور جدید پورٹیبل مشین کی دستیابی سے ان خاندانوں کو بھی فائدہ پہنچ رہا ہے جو مہنگے تشخیصی ٹیسٹ کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اس اقدام سے بچوں کے علاج، تشخیص اور نگہداشت کے شعبے میں جدید طبی ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے میں بھی مدد مل رہی

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

مولانا عبدالجبار حیدری اور دیگر رہنماؤں نے مرحومین کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ عزیز واقارب کا بچھڑ جانا اہل خانہ کے لیے انتہائی تکلیف دہ مرحلہ ہوتا ہے، اس غم کی گھڑی میں ہم سوگوار خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اس موقع پر سٹی رابطہ کونسل تعلقہ شجاع آباد کے صدر اعجاز علی حیدری، سٹی کنوینر محمد ندیم فاروقی سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

بھٹو نے گورنمنٹ پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ میرپورخاص کا بھی دورہ کیا اس موقع پر پرنسپل ثناء اللہ آرائیں نے بتایا کہ گورنمنٹ پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ میرپورخاص طلبہ کو مختلف شعبہ جات میں فنی تربیت فراہم کر رہا ہے اور بتایا کہ پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ میں طلبہ کو سول، الیکٹریکل، سی آئی ٹی، آرکیٹیکچل انجینئرنگ میں فنی تربیت دی جا رہی ہے اور اس وقت پولی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ میں انرولمنٹ 450 ہے تاہم اساتذہ کی کمی ہے اس وقت ٹوٹل 5 اساتذہ تقرر ہیں جس پر کمشنر نے یقین دلایا کہ اساتذہ کی تقرری کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

کرکٹ کلب کی جانب سے قدرت اللہ نے تین جبکہ محمد منور اور گل حسن نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ہدف کا تعاقب کرتے ہو؟ الشہزاد کرکٹ کلب کی پوری ٹیم 26.1 اوورز میں 201 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی قدرت اللہ نے سخت مزاحمت کرتے ہو؟ شاندار سنچری 105 رنز اسکور کیے بصیر علی نے ناقابل شکست 30 رنز اور حمد اللہ نے 24 رنز اسکور کیے سرسید کرکٹ کلب کے فاروق حسن نے 4 اور محمد عمر نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میڈیا کوارڈینیٹر کاشف احمد فاروقی، ایمپائرنگ کے فرائض حمزہ فراز اور زاہد اقبال نے سرانجام دیے جبکہ ٹیسٹ اسکورر محمد احسن آفیشل اسکورر تھے گلبرگ جمخانہ المنصورہ گراونڈ پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں ٹیسر ٹاون ٹائیگرز کرکٹ کلب نے سرجانی اسپورٹس کو باآسانی 217 رنز سے شکست دیدی ٹیسر ٹاون ٹائیگرز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ مقررہ 40 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 329 رنز اسکور کیے معراج دین نے 67 رنز عثمان خان نے ناقابل شکست 53 رنز کریم خان نے 40 رنز جبکہ جمعہ خان اور حبیب اللہ نے 39، 39 رنز اسکور کیے سرجانی اسپورٹس کے غلام رسول نے تین اور محمد بہزاد نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ہدف کا تعاقب کرتے ہو؟ سرجانی اسپورٹس کی پوری ٹیم 23 اوورز میں 112 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی فرحان عظیمی نے 51 رنز اسکور کیے ٹیسر ٹاون ٹائیگرز کے گلزار علی نے تین جبکہ سعید حسن اور معراج دین نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ایمپائرنگ کے فرائض زاہد اقبال اور حمزہ فراز نے سرانجام دیئے جبکہ محمد احسن آفیشل اسکورر تھے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

قانونی کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کردیا گیا۔ چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور چوری شدہ سامان ریکور ہونے پر شہریوں نے متعلقہ پولیس افسران اور ایس ایس پی جیکب آباد کا شکریہ ادا کیا اور پولیس افسران کو مالائیں پہنائیں۔ ایس ایچ او تھانہ دودا پور SIP معشوق علی جکھرانی بمعہ اسٹاف پولیس نے پولیس مقابلے کے بعد شہری مہر علی سے ڈکیتی کے دوران چھینی گئی موٹر سائیکل ڈاکو ملزمان سے برآمد کرلی، جسے تفتیش اور قانونی کارروائی کے بعد اصل مالک کے حوالے کردیا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ کریم بخش انسپکٹر محمد حسن جونیجو بمعہ اسٹاف پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خیر اللہ بروہی سے ڈکیتی کے دوران چھینی گئی موٹر سائیکل ریکور کرلی۔ ریکور شدہ موٹر سائیکل کی تصدیق اور قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد اصل مالک کے حوالے کردی جائے گی۔ ایس ایچ او تھانہ گڑھی خیرو SIP طالب حسین میمن بمعہ اسٹاف پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے شہری اعجاز احمد لہر کے گھر سے چوری ہونے والا سامان اور موبائل فونز ریکور کرلیے۔ ریکور شدہ سامان کی تصدیق کے بعد اصل مالک کے حوالے کردیا گیا۔ ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن ریٹائرڈ فیضان علی نے ریکوریاں کرنے پر متعلقہ پولیس افسران کو شاباشی دی۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

احکام ناموں اور صوبائی محکموں کو لکھے گئے خطوط کی حیثیت محض کاغذی شوشوں سے زیادہ نہیں رہی۔ ضلع انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری کردہ احکامات اور اعلیٰ حکام کو بھیجے گئے مراسلوں کو صوبائی بیوروکریسی اور محکمے ہوا میں اڑا رہے ہیں، جس کے باعث شہر کا انتظامی ڈھانچہ مکمل طور پر مفلوج اور شہری شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ شہریوں کو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، اوور بلنگ اور سیپکو کی بدانتظامی سے نجات دلانے کے لیے ڈی سی سیکریٹریٹ میں سیپکو شکایتی سیل قائم کرنے کا اعلان کیا گیا تھا، مہینوں گزر جانے کے باوجود یہ شکایتی سیل قائم نہ ہوسکا۔ سیپکو انتظامیہ نے ڈی سی کے حکم کو مکمل طور پر ٹھکرا دیا اور شہری آج بھی روڈوں پر خوار ہو رہے ہیں، شہر کی واحد اور تاریخی گدائی لائبریری کی زبوں حالی اور بحالی کے لیے ڈی سی جیکب آباد کی جانب سے سیکریٹری ثقافت کو ہنگامی مراسلہ ارسال کیا گیا تھا، مگر ثقافت کا محکمہ گہری نیند سویا ہوا ہے۔ شہر میں جاری ترقیاتی اسکیموں کے ناقص، معیار سے گرتے اور کرپشن زدہ کام پر سیکریٹری ورکس کو لکھے گئے خطوط پر بھی کوئی ایکشن نہیں لیا گیا۔ جب ایک ضلع کے سب سے بڑے انتظامی افسر کا لکھا ہوا خط کوئی سیکریٹری یا محکمہ پڑھنے کو تیار نہیں، تو عام غریب شہری کی فریاد کون سنے گا؟ جیکب آباد کی سول سوسائٹی، تاجروں اور طلبہ نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ: اگر ڈی سی کے احکامات کی کوئی وقعت نہیں تو وہ محض فوٹو سیشن اور کاغذی کارروائی کے بجائے عملی طور پر کارروائی کریں۔ وزیر اعلیٰ سندھ اور چیف سیکریٹری سندھ س

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

افراد کے حملے پر پولیس کا پرچہ درج کرنے سے انکار! کوئٹہ روڈ پر شدید احتجاج اور ٹائر جلانے کے باوجود تھانہ پولیس کی مجرمانہ خاموشی پر متاثرہ تاجر کا عدالت عالیہ سے رجوع! ملزم مجید گلوانی جکھرانی اور متاثرہ تاجر نے پولیس کے پاس بیانات ریکارڈ کرادیے، "پولیس بھتہ خوروں کی سرپرست بن چکی ہے، اب صرف عدالت سے انصاف کی امید ہے: تاجر عبدالستار بنگلانی، مجید گلوانی نے بھتہ خوری کے الزامات مسترد کردیے تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر میں تاجروں سے سنگین بھتہ خوری، نجی ہسپتالوں پر ڈکیتی نما حملوں اور پولیس کی مبینہ جانبداری و نااہلی کے خلاف قانون کا دروازہ کھٹکھٹا دیا گیا ہے۔ کوئٹہ روڈ پر واقع مشہور لطیف میڈیکل سینٹر کے مالکان کو 1 کروڑ روپے بھتے کا نوٹس دینے اور انکار پر مسلح حملے کا معاملہ اب مقامی عدالت پہنچ گیا ہے۔ متاثرہ تاجر اور میڈیکل سینٹر کے مالک عبدالستار بنگلانی کی جانب سے پولیس کے رویے سے مایوس ہوکر عدالت میں دائر کردہ درخواست پر آج بروز جمعہ عدالت میں اہم سماعت ہورہی ہے: گزشتہ روز سیشن عدالت کی ہدایت پر عبدالستار بنگلانی اور نامزد ملزم مجید گلوانی جکھرانی نے پولیس کے سامنے اپنے ابتدائی بیانات قلمبند کرائے۔ عبدالستار بنگلانی نے میڈیا کو گفتگو میں بتایا کہ "میں نے پہلے ہی دن پولیس کو ملزمان کی جانب سے 1 کروڑ روپے بھتہ مانگنے اور قتل کی دھمکیوں سے آگاہ کیا تھا، لیکن پولیس نے روایتی لاپرواہی برتی۔ اسی کا فائدہ اٹھا کر اگلے روز 5 مسلح افراد نے میرے میڈیکل سینٹر پر حملہ کرکے مجھے جان سے مارنے کی کوشش کی، ہم نے کوئٹہ روڈ پر شدید احتجاج کیا، ٹائر نذر آتش کیے اور پورے شہر کے تاجر سڑکوں پر آئے، لیکن اس کے باوجود مقامی پولیس نے بھتہ خور مافیا کے خلاف ایف آئی آر داخل نہیں کی۔ پولیس عوام اور تاجروں کے تحفظ کے لیے نہیں بلکہ بھتہ خوروں کی پشت پناہی میں مصروف دکھائی دیتی ہے۔ جب قانون کے محافظ ہی ملزمان کے ساتھ مل جائیں تو عدالت ہی واحد سہارا بچتی ہے۔ ہمیں عدالت عالیہ سے مکمل انصاف کی امید ہے دوسری جانب مجید گلوانی جکھرانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھتہ خوری کے الزامات کو مسترد کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

، وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ، اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور عثمان اعوان، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ، سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور صوبائی وزیر سید ناصر حسین شاہ بھی شریک تھے۔ اجلاس میں ملک میں خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا گیا، صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی سلامتی کی صورت حال کا جائزہ لیتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط بنانے اور ملک کے امن واستحکام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ ایوان صدر کے مطابق اجلاس میں طے کیا گیا کہ کل وفاقی حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کا مشترکہ وفد کل پی ٹی آئی قیادت سے ملاقات کرے گا اور سیاسی صورت حال پر مذاکرات کرے گا۔ مزید بتایا گیا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کے لیے مشترکہ وفد میں وزیر داخلہ محسن نقوی، رانا ثناءاللہ، امیر مقام اور پی پی پی کی طرف سے شیری رحمان، سید نوید قمر اور اعجاز جکھرانی شریک ہوں گے۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ وزیراعظم نے خیبر پختونخوا کی بگڑتی سیاسی صورت حال پر صدر کو اعتماد میں لیا اور اجلاس میں خیبر پختونخوا سے متعلق تمام آئینی اور قانونی آپشنز زیر غور آئے اور تمام قانونی پہلو پر بھی بحث کی گئی۔ مشاورت میں صوبائی حکومت کی بدترین گورننس کی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ سے مکمل لاتعلقی اور اس سے ہونے والے نقصانات کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ایوان صدر میں اجلاس کے بعد وزیراعظم اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

کیوریٹر سدرا ناصر شامل تھے۔ وفد نے گورنر سندھ کو گیلری کی جانب سے آرٹ کے فروغ کے لیے جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ وفد کے ارکان نے بتایا کہ کریسنٹ آرٹ گیلری ملک میں آرٹ کے فروغ کے ساتھ ساتھ پاکستانی فنکاروں کے کام کو بیرون ملک متعارف کرانے کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں برطانیہ اور کینیڈا سمیت دیگر ممالک میں پاکستانی فنون کی نمائش اور تعارف کے امکانات پر کام کیا جا رہا ہے، تاکہ پاکستان کا فن اور ثقافت عالمی سطح پر زیادہ مؤثر انداز میں پیش کیا جا سکے۔ وفد نے بتایا کہ گیلری کی جانب سے 25 دسمبر کو یوم قائداعظم کے موقع پر خصوصی آرٹ نمائش کے انعقاد کی بھی تیاری کی جارہی ہے، جس میں پاکستانی فنکاروں کے فن پارے پیش کیے جائیں گے۔ نمائش کا مقصد آرٹ کے فروغ کے ساتھ نئی نسل کو پاکستان کی ثقافت اور فنون سے روشناس کرانا بھی ہے۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کریسنٹ آرٹ گیلری کی آرٹ کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک میں آرٹ اور ثقافتی سرگرمیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنون لطیفہ کسی بھی معاشرے کی تہذیبی شناخت اور ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتے ہیں، اس لیے فنکاروں اور آرٹ کے اداروں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستانی فنکار صلاحیتوں کے اعتبار سے کسی سے پیچھے نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کے فن کو قومی اور عالمی سطح پر مناسب پلیٹ فارم فراہم کیا جائے۔ پاکستانی فنون اور ثقافت کو برطانیہ، کینیڈا سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں متعارف کرانے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرٹ کے فروغ اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ گورنر سندھ نے 25 دسمبر کو ہونے والی آرٹ نمائش کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیوں سے کراچی سمیت ملک بھر میں مثبت اور صحت مند ثقافتی ماحول کو فروغ ملتا ہے۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فارم ہاؤس بک کرانے والے شخص اور خاتون کوآرڈینیٹر کو گرفتار کرلیا جبکہ موبائل فون لے کر فرار ہونے والے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ ترجمان ضلع ملیر پولیس کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں سے تقریباً 59 لڑکیوں کو ایکٹیویٹی کے نام پر ملازمت کا جھانسہ دے کر فارم ہاؤس بلایا گیا تھا جہاں انہیں بتایا گیا کہ ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے بلڈرز اور افسران ان کے انٹرویوز اور ملاقات کریں گے۔ پولیس کے مطابق فارم ہاؤس کی بکنگ وقاص نامی شخص نے کرائی تھی جبکہ لڑکیوں کو وہاں جمع کرنے میں نرگس نامی خاتون کوآرڈینیٹر بھی شامل تھی۔ فارم ہاؤس پہنچنے پر ساحل سلمان نے مبینہ طور پر تمام لڑکیوں کے موبائل فون یہ کہہ کر جمع کرلیے کہ باس کی آمد کے دوران کسی قسم کی خلل اندازی نہ ہو۔ تمام موبائل فون جمع کرنے کے بعد ساحل سلمان انہیں لے کر فارم ہاؤس سے فرار ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر گڈاپ سٹی پولیس موقع پر پہنچی اور متاثرہ لڑکیوں سے معلومات حاصل کرکے تحقیقات شروع کردیں۔ ترجمان کے مطابق پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فارم ہاؤس بک کرانے والے وقاص اور خاتون کوآرڈینیٹر نرگس کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ موبائل فون لے کر فرار ہونے والے ساحل سلمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ پولیس کی جانب سے ملزمان کے کردار ملازمت کے نام پر لڑکیوں کو بلانے کے مقاصد اور واردات کے دیگر پہلوؤں کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

سے پریس کلب تک ریلی نکالی۔ ریلی کے شرکاء نے نئے ٹیکس کے خلاف نعرے بازی کی۔ اس موقع پر پی ایم اے سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر رفیق وگھیو، صدر ڈاکٹر سلیمان پلیجو، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ذوالفقار پاشا، ڈاکٹر جی ایم گل، ڈاکٹر اقبال میمن، ڈاکٹر ارشد قریشی، ڈاکٹر عبدالرحیم شیخ اور دیگر نے کہا کہ نئے ٹیکس کے نفاذ کے بعد کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں کے اسپتالوں پر لاکھوں روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں جو ان کے بقول ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عائد کیے جانے والے ٹیکس کا براہ راست بوجھ عام شہری اور غریب عوام پر پڑتا ہے، جبکہ اربوں روپے ٹیکس وصول کرنے کے باوجود سرکاری اداروں میں مطلوبہ طبی سہولیات فراہم نہیں کی جارہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پوائنٹ آف سیل ٹیکس ختم کیا جائے، بصورت دیگر پی ایم اے سندھ اور پاکستان بھر میں احتجاجی تحریک چلائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

واقعات اس لیے بیان کیے گئے ہیں کہ انسان ان کے انجام سے عبرت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی، شرک، تکبر، ظلم اور سرکشی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے۔ اللہ تعالیٰ نے مختلف قوموں کو ان کی نافرمانی اور اپنے رسولوں کو جھٹلانے کے باعث مختلف عذابوں کے ذریعے پکڑا۔ انہوں نے کہا کہ قوم نوحؑ نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور اپنے نبی حضرت نوحؑ کی دعوت کو جھٹلایا تو انہیں طوفان کے ذریعے ہلاک کیا گیا۔ قوم عاد نے حضرت ہودؑ کی نافرمانی، تکبر اور اپنی طاقت پر گھمنڈ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر سخت اور تیز ہوا کا عذاب بھیجا، جبکہ قوم ثمود نے حضرت صالحؑ کو جھٹلایا اور اللہ تعالیٰ کی نشانی کی نافرمانی کی تو انہیں زبردست چنگھاڑ نے آلیا۔ پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ قوم لوطؑ کی نافرمانی اور بے حیائی کا ذکر بھی قرآن کریم میں واضح طور پر موجود ہے، جبکہ فرعون نے حضرت موسیٰؑ کی تکذیب، تکبر، ظلم اور سرکشی اختیار کی اور بالآخر اسے اور اس کے لشکر کو سمندر میں غرق کردیا گیا۔ ان واقعات میں انسانوں کے لیے بڑی عبرت اور نصیحت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید میں صرف پچھلی قوموں کے واقعات پڑھنے کے لیے نہیں بلکہ ان سے سبق حاصل کرکے اپنی زندگیوں کی اصلاح کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ ہمیں اپنا محاسبہ کرنا چاہیے کہ کہیں ہم شرک، تکبر، ظلم، بے حیائی، بدکاری یا کسی دوسری نافرمانی میں مبتلا تو نہیں۔ انسان کو گناہوں پر اصرار کرنے کے بجائے سچی توبہ کرکے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سورۃ العنکبوت میں سابقہ قوموں کے انجام کو ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے واضح فرمایا کہ اس نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ قرآن وسنت کی تعلیمات سے اپنا تعلق مضبوط کریں، اپنے عقائد و اعمال کی اصلاح کریں، حقوق العباد کا خیال رکھیں اور زندگی کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے مطابق گزاریں۔ تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر نے کہا کہ سابقہ قوموں کے واقعات آج بھی ہمارے لیے واضح تنبیہ ہیں۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچتے ہوئے سچی توبہ، تقویٰ، نیکی اور اطاعت اختیار کرنی چاہیے اور معاشرے میں قرآن و سنت کی تعلیمات، خیر، محبت اور اصلاح کا پیغام عام کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

موقع پر پرنسپل شاہد حیات پولیس ٹریننگ کالج علیمہ راجپر نے سپاس نامہ پیش کیا اور ادارے کی کارکردگی و تربیتی امور سے متعلق بریفنگ دی۔ جاوید عالم اوڈھو نے تربیت مکمل کرنے والے اہلکاروں کو پولیس فورس میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پولیس کی وردی محض اعزاز نہیں بلکہ عظیم ذمہ داری بھی ہے، اہلکار عوام کی جان، مال اور عزت کے محافظ ہیں۔ امن و امان کا قیام، قانون کی بالادستی اور شہریوں کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد مؤثر پولیسنگ کی بنیاد ہے، اہلکار شہریوں سے عزت، تحمل، شائستگی اور غیر جانب داری سے پیش آئیں۔ مظلوم کی دادرسی، کمزور کی حفاظت اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلاخوف کارروائی پولیس کی پہچان ہونی چاہیے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ جدید دور میں سائبر جرائم، منظم جرائم اور دہشت گردی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری ضروری ہے۔ سندھ پولیس کے شہداء اور غازیوں کی قربانیاں پولیس فورس کیلئے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد کی نشاندہی کردہ مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ پاس آؤٹ ہونے والے جوان سندھ پولیس کے وقار اور عوام کے اعتماد میں اضافے کا ذریعہ بنیں

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

عزم کے ساتھ 20 اکتوبر کو ملک بھر میں مزدور ایکشن ڈے منانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان کراچی پریس کلب میں کنفیڈریشن کے نمائندوں نے پریس کانفرنس میں کیا۔ پریس کانفرنس سے ناصر منصور، زہرا خان، اسد محمود، سجاد گردیزی، نیاز خان، حنیف رامے، رفیق بلوچ، دارا ظفر، گل شیر شر، مظہر بخاری، عبدالرزاق میمن، لال بخش لالن، غلام محبوب اور ضیا سید نے خطاب کیا۔ مزدور رہنماؤں نے بتایا کہ 12 مزدور تنظیموں جن میں پاکستان ورکرز فیڈریشن، نیشنل ٹریڈ یونین فیڈریشن پاکستان، وطن دوست مزدور فیڈریشن، پاکستان ٹیکسٹائل ورکرز فیڈریشن، پاکستان فیڈریشن آف ٹرانسپورٹ ورکرز، آل پاکستان یونائیٹڈ فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز، ہوم بیسڈ وومن ورکرز فیڈریشن پاکستان، آل پاکستان ہوٹلز ورکرز فیڈریشن، متحدہ لیبر فیڈریشن، اتحاد لیبر یونین آف کارپٹ انڈسٹریز پاکستان، سندھ اگریکلچر جنرل ورکرز یونین اور آل پاکستان نیوز پیپرز ایمپلائز کنفیڈریشن شامل ہیں، نے دو روزہ مشترکہ اجلاس میں کنفیڈریشن کے قیام کی باضابطہ منظوری دی۔ اجلاس نیشنل ٹریڈ یونین فیڈریشن پاکستان کے صدر رفیق بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں 15 رکنی وفاقی کوآرڈینیشن کمیٹی کا انتخاب کیا گیا، جبکہ ناصر منصور کو وفاقی سیکریٹری کوآرڈینیشن کمیٹی منتخب کیا گیا۔ پریس کانفرنس میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو متنبہ کیا گیا کہ مزدوروں سے متعلق کسی بھی پالیسی یا قانون کو ملک کے سب سے بڑے مزدور اتحاد سے مشاورت کے بغیر مسلط کرنے کی کوشش کو تسلیم نہیں کیا جائیگا۔ سرمایہ داروں نے کارخانوں کو عقوبت خانوں میں تبدیل کر دیا ہے، سرکاری اجرتوں، سماجی تحفظ، پنشن من ان اور یونین سازی جیسے بنیادی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں، کنفیڈریشن نے مطالبہ کیا کہ ٹھیکیداری نظام کا خاتمہ، لیونگ ویج کا اجراء یونین سازی اور اجتماعی سودے کاری کے حق کو تسلیم، تمام ورکرز کی سوشل سیکیورٹی اور پنشن میں رجسٹریشن، نجکاری کا عمل روکنے، کام، کام کی جگہوں پر تحفظ، خواتین کو ہراسانی سے تحفظ، پنجاب لیبر کوڈ واپسی، اجرتوں کی چار کیٹگریز بحالی، ریلوے میں ریفرنڈم، برطرف ورکرز اور صحافیوں کی بحالی، نویں ویج ایوارڈ کی تشکیل، پریکا جیسے قوانین کا خاتمہ، نیوز پیپرز ایمپلائز کنڈیشنز آف سروس ایکٹ 1973 پر عمل درآمد اور تمام گرفتار سیاسی کارکنوں کی رہائی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے کچی آبادی سید نجمی عالم، واٹر کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد علی صدیقی، چیف آپریٹنگ آفیسر انجینئر اسداللہ خان، چیف ہیومن ریسورسز آفیسر مرزا محمد نیئر سمیت سینئر افسران، انجینئرز و آفیسرز ایسوسی ایشن اور متحدہ ورکرز فرنٹ سی بی اے کے عہدیداران نے شرکت کی۔ مقررین نے ندیم احمد کرمانی کی ادارے کیلئے طویل خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دوران ملازمت محنت، دیانت داری اور پیشہ ورانہ وابستگی کے ساتھ فرائض انجام دیے اور انجینئرز و افسران کے مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کیلئے بھی کردار ادا کیا۔ اس موقع پر انجینئرز و آفیسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ندیم احمد کرمانی کو خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ اور تحائف پیش کیے گئے۔ شرکاء نے ان کیلئے ریٹائرمنٹ کے بعد صحت، خوشی اور پرسکون زندگی کی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ندیم احمد کرمانی نے تقریب کے انعقاد پر ایسوسی ایشن، واٹر کارپوریشن انتظامیہ، افسران، سی بی اے اور ملازمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دوران ملازمت ساتھیوں کا تعاون اور حوصلہ افزائی ہمیشہ ان کیلئے باعث تقویت رہی۔ انہوں نے کہا کہ واٹر کارپوریشن میں گزارا گیا عرصہ ان کی زندگی کا اہم حصہ ہے اور ساتھیوں کی محبت و رفاقت کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

کے تحت سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کردیا۔ ناظم امتحانات سید اختر علی شاہ کے مطابق امتحانات میں مجموعی طور پر 337 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 321 امیدوار کامیاب قرار پائے، جبکہ کامیابی کا مجموعی تناسب 95.2 فیصد رہا۔ ترجمان ٹیکنیکل بورڈ زوہیب احمد خان نے نتائج کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتایا کہ کامیاب امیدواروں کے نتائج بورڈ کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق جاری کردیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

اور آن لائن گیمنگ پلیٹ فارمز پر درپیش سائبر خطرات کی نشاندہی کی ہے۔ کیسپرسکی کے مطابق جنوری سے اگست 2026 کے دوران پاکستان میں بچوں میں یوٹیوب 31.2 فیصد استعمال کے ساتھ سب سے مقبول موبائل ایپلی کیشن رہا، انسٹاگرام 18.8 فیصد کے ساتھ دوسرے، واٹس ایپ 17.4 فیصد کے ساتھ تیسرے، فیس بک 10.8 فیصد کے ساتھ چوتھے جبکہ ٹک ٹاک 5.7 فیصد استعمال کے ساتھ پانچویں نمبر پر رہا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں بچوں کی جانب سے سب سے زیادہ استعمال کیے جانے والے آن لائن وسائل میں ملٹی پلیئر گیمز بھی شامل ہیں، جن میں روبلوکس قابل ذکر ہے۔ ڈسکارڈ بھی پاکستان میں بچوں کی جانب سے ڈیسک ٹاپ پر استعمال کیے جانے والے آن لائن وسائل میں شامل رہا۔ کیسپرسکی میں بچوں کی آن لائن حفاظت کے سربراہ آندرے سیڈینکو نے کہا کہ بچوں کو آن لائن خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے والدین کو ان کے ساتھ کھلی گفتگو کرنی چاہیے۔ نقصان دہ عناصر خود کو بچوں کے ہم عمر افراد کے طور پر ظاہر کرکے یا سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی معلومات استعمال کرکے ان کا اعتماد حاصل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ بچوں کو اجنبی افراد سے رابطے، ذاتی تصاویر اور حساس معلومات شیئر کرنے سے گریز کی ترغیب دی جائے اور انہیں اعتماد دیا جائے کہ کسی ناخوشگوار یا غیر محفوظ صورت حال میں وہ کسی قابل اعتماد بالغ فرد سے بات کرسکتے ہیں۔ کیسپرسکی میں مشرق وسطیٰ، ترکیہ اور افریقہ کیلئے صارفین کے شعبے کے سربراہ سیف اللہ جدیدی نے کہا کہ والدین اور بچوں کو فراڈ، جعل سازی، سائبر بلنگ اور آن لائن گرومنگ سمیت عام خطرات سے آگاہ ہونا چاہیے۔ مصنوعی ذہانت کے ذریعے جعلی تصاویر اور ویڈیوز تیار کرکے بچوں کی نجی زندگی اور ڈیجیٹل ساکھ کو متاثر کیے جانے کا بھی خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں میں محفوظ ڈیجیٹل عادات پیدا کرنے، آن لائن معلومات شیئر کرتے وقت احتیاط برتنے اور والدین کے نگرانی کے آلات کے استعمال سے بچوں کے آن لائن تحفظ کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

حبیب کارپوریشن کے زیراہتمام نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس ریٹ کی فہرست سازی کے موقع پر منعقدہ گونگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ کے ایس ای 100 انڈیکس مارچ 2024 میں تقریباً 67 ہزار پوائنٹس سے بڑھ کر تقریباً 170 ہزار پوائنٹس تک پہنچ گیا ہے، جبکہ سرمایہ کاروں کی شرکت میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ستمبر 2026 میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 25 ہزار 281 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے جو کسی ایک ماہ میں اب تک کی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ اس اضافے کے بعد مجموعی سرمایہ کاروں کی تعداد 6 لاکھ 56 ہزار 218 ہوگئی ہے، جو مارچ 2024 میں 3 لاکھ 21 ہزار 144 تھی۔ وزیر خزانہ کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران 11 کمپنیاں اسٹاک مارکیٹ میں آئیں جو دو دہائیوں سے زائد عرصے میں سب سے زیادہ تعداد ہے، جبکہ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں مزید 5 ابتدائی عوامی پیشکشیں مکمل ہوچکی ہیں۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ کی اہمیت صرف حصص اشاریے تک محدود نہیں بلکہ اصل مقصد سرمائے کی تشکیل ہے۔ مارکیٹ میں پیدا ہونے والے اعتماد کو کاروبار، بنیادی ڈھانچے، ہاؤسنگ، جدت اور روزگار کیلئے سرمایہ میں تبدیل ہونا چاہیے۔ انہوں نے وزیراعظم کے "اپنا گھر پروگرام" کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں تقریباً 60 ارب روپے کی فنانسنگ فراہم کی جاچکی ہے جبکہ مزید تقریباً 340 ارب روپے کی فنانسنگ منظور ہوچکی ہے جو ادائیگی کی منتظر ہے۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

ہونے والی مجموعی اموات کی تعداد 37 ہوگئی۔ اسپتال حکام کے مطابق انڈس اسپتال کراچی میں ریبیز کے باعث جاں بحق ہونے والے بچوں میں حیدرآباد کے ایئرپورٹ روڈ لطیف آباد کی 6 سالہ ایمہ دختر نعمان اور دادو کے گاؤں راضی خان کا 4 سالہ وقار پسر سلطان شامل ہیں۔ دونوں بچوں کو ریبیز سے بچاؤ کی ویکسین نہیں لگائی گئی تھی۔ حکام کے مطابق انڈس اسپتال کراچی میں اب تک ریبیز سے 28 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں، جبکہ انڈس اسپتال بدین میں ایک اور جناح اسپتال کراچی میں 8 اموات رپورٹ ہوئی ہیں۔ اسپتال حکام کے مطابق انڈس اسپتال کراچی میں سگ گزیدگی کے 14 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، جبکہ جناح اور سول اسپتال کراچی میں بھی اب تک 11، 11 ہزار ڈاگ بائٹ کے کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

ہوگیا۔ پولیس کے مطابق موٹرسائیکل سوار 2 مسلح ملزمان پرچون کی دکان میں داخل ہوئے اور دکان میں موجود عزیز الرحمٰن پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ فائرنگ کے وقت مقتول دکان میں اکیلا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ ڈکیتی میں مزاحمت کا نتیجہ ہے یا قتل کے پیچھے کوئی اور وجہ ہے، اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ جائے وقوعہ سے 4 خول ملے ہیں جبکہ کرائم سین یونٹ نے شواہد جمع کرلیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی تمام پہلوؤں سے تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گشت پر مامور پولیس نے موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی۔ تاہم پولیس نے دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو عبدالحفیظ کو زخمی حالت میں اس کے ساتھی فہد سمیت گرفتار کرلیا۔ جبکہ ڈاکوؤں کے قبضے سے اسلحہ، گولیاں، چلیدہ خول، نقدی اور موٹرسائیکل برآمد کرلی۔ پولیس نے زخمی ڈاکو کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا، پولیس دونوں ڈاکوؤں کا کرمنل ریکارڈ چیک کررہی ہے۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

میں نعمان نبی احمد کو چیئرمین، جواد ہمایوں کو سینئر وائس چیئرمین اور ندا حیدر کو وائس چیئرپرسن منتخب کیا گیا ہے۔ انتخابات کے نتیجے میں دیگر عہدیداران میں جاوید قدیر خان چیئرمین زون اے، وقار حیدری چیئرمین زون بی، عثمان عتیق بٹ چیئرمین زون سی جبکہ نعیم احمد فنانس سیکریٹری منتخب ہوئے ہیں۔ مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے دیگر ارکان میں احمد جمال میر، ہما شادرانی، فرحان خان، اسد انصاری، تابش حسن شاہ، خالد سلیم اور اطہر سلیم شامل ہیں۔ اجلاس میں پہلے سے جاری کردہ ایجنڈے کی منظوری دی گئی، جس کے بعد سبکدوش ہونے والے چیئرمین احمد کپاڈیا نے گزشتہ دو برسوں کے دوران سبکدوش ہونے والی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے کیے گئے

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

کے بعد 3 لاکھ 76 ہزار 59 روپے ہوگیا۔ دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 30 ڈالرز کم ہوکر 4161 ڈالرز فی اونس ہو گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز فی تولہ سونے کی قیمت میں 4300 روپے کا اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

ہاؤس میں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی سے ملاقات کے دوران کہی۔ ملاقات میں سندھ بلوچستان کوسٹل گروپ آف کمپنی کے نائب صدر علی پسنانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی، سمندری وسائل کے مؤثر استعمال، ایکو اسپورٹس، بلیو اکانومی، سرکاری ونجی شراکت داری اور ساحلی علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بلیو اکانومی جدید دور میں معاشی ترقی کا اہم شعبہ بن چکی ہے، سندھ کے طویل ساحلی خطے اور وسیع سمندری وسائل کو جدید ٹیکنالوجی، نجی سرمایہ کاری اور مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے معاشی ترقی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساحلی علاقوں میں ماہی گیری، سمندری تجارت، ایکو اسپورٹس اور ساحلی سیاحت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے استفادہ کرکے معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے ساتھ مقامی آبادی کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ حکومت ماہی گیری سے وابستہ افراد اور کاروباری طبقے کو جدید سہولیات، بہتر بنیادی ڈھانچے اور جدید طریقہ کار کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جبکہ سمندری وسائل کا تحفظ اور ان کا پائیدار استعمال بھی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ملاقات میں ایکو اسپورٹس اور ساحلی سیاحت کے فروغ کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ گورنر سندھ نے سرکاری ونجی شراکت داری کے ذریعے ساحلی اور سمندری شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک وفشریز محمد علی ملکانی نے گورنر سندھ کو ماہی گیری اور متعلقہ شعبوں میں جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں سمندری وسائل کے تحفظ، ماہی گیری کے شعبے کی بہتری، ساحلی علاقوں میں سرمایہ کاری اور بلیو اکانومی کے فروغ سے متعلق مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

مرتضیٰ وہاب کی قیادت میں کراچی میں تعلیم، صحت، انفرااسٹرکچر اور بنیادی شہری سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں، لیاری میں چھ اسکولوں کی دی سٹیپنز فاؤ؟ نڈیشن کے حوالے کیا جانا بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے، جس سے علاقے کے بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول اور مستحق طلبہ کو مفت تعلیم کی سہولت میسر آئے گی۔ ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے لیاری میں تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اہم اور انقلابی اقدام ہے۔ ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ لیاری کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی نمایاں اور انقلابی تبدیلیاں لائی جارہی ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانا بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے مطابق لیاری کے چھ اسکولوں کی دی سٹیپنز فاؤ؟ نڈیشن کو حوالگی اسی وژن کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

نے شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ اپنے مفادات اور جیبیں بھرنے کی خاطر عوام کو مسلسل پریشان کیا جا رہا ہے، جبکہ اربوں روپے کے منصوبوں میں معیار اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو نظرانداز کرنا انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی بی آر ٹی کا تعمیراتی کام جاری تھا اور اس دوران پل کا بھاری اسٹرکچر گر گیا، اگر یہی اسٹرکچر ٹریفک کھولنے کے بعد گرتا تو یونیورسٹی روڈ جیسے مصروف علاقے میں ایک بڑے سانحے کا خدشہ تھا اور بڑی تعداد میں شہریوں کی جانیں ضائع ہوسکتی تھیں۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ ایک معصوم سیکیورٹی گارڈ کی جان چلی گئی، اس کا ذمہ دار کون ہے؟ حکومت سندھ اس واقعے کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوسکتی۔ صرف افسوس اور رسمی بیانات کافی نہیں، واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ناقص تعمیر، حفاظتی انتظامات میں غفلت اور معیار پر سمجھوتا کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بی آر ٹی ریڈ لائن سمیت کراچی میں جاری تمام بڑے ترقیاتی منصوبوں کا تکنیکی اور مالی آڈٹ کرایا جائے تاکہ عوام کے پیسے کے استعمال اور تعمیراتی معیار کی حقیقت سامنے آسکے۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ حکومت سندھ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کے بجائے ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور حفاظتی اصولوں کو یقینی بنائے۔ جاں بحق سیکیورٹی گارڈ کے اہلخانہ کو فوری اور مناسب مالی معاوضہ دیا جائے اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

ڈاکٹر حسین سموں نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں پی پی ایچ آئی کے زیر انتظام تعلقہ اسپتالوں، دیہی صحت مراکز اور بنیادی صحت مراکز پر کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی اینٹی ریبیز ویکسین وافر مقدار میں دستیاب ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں بتایا کہ اگست اور ستمبر کے دوران پی پی ایچ آئی کے مراکز صحت میں 3 ہزار 135 افراد کو اینٹی ریبیز ویکسین لگائی گئی، جبکہ 5 افراد کو سانپ کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسین فراہم کی گئی۔ ڈاکٹر حسین سموں نے کہا کہ ریبیز خطرناک اور جان لیوا بیماری ہے، اس لیے کتے کے کاٹنے کے بعد بلاتاخیر قریبی مرکز صحت سے فوری طبی امداد حاصل کرنا ضروری ہے۔ متاثرہ جگہ کو صابن اور بہتے پانی سے اچھی طرح دھونے کے بعد بلاتاخیر قریبی مرکز صحت یا اسپتال سے رجوع کیا جائے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ زخم پر مرچ، تیل، راکھ یا کوئی غیر سائنسی چیز نہ لگائیں اور خود علاج کرنے کے بجائے مستند طبی عملے سے رجوع کریں۔ ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ویکسینیشن اور حفاظتی علاج کا مکمل کورس کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ بچوں کو آوارہ کتوں سے دور رکھیں اور انہیں جانوروں کو چھیڑنے یا ان کے قریب جانے سے گریز کی تلقین کریں۔ شہری آوارہ یا مشتبہ کتوں کی موجودگی سے متعلق متعلقہ انتظامیہ کو اطلاع دیں۔ ڈسٹرکٹ منیجر نے کہا کہ پی پی ایچ آئی مراکز پر عملے کی جانب سے عدم تعاون کی صورت میں ضلعی دفتر میں شکایت درج کرائی جاسکتی ہے تاکہ متعلقہ عملے کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

سائیکل برآمد کرلی۔ اسٹاف رپورٹر کے مطابق منگھوپیر پولیس نے اجتماع گاہ الجنت سوسائٹی کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا جن میں سے ایک زخمی ہے۔ ایدھی حکام کے مطابق زخمی ملزم محمد اقبال کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ دوسرے گرفتار ملزم غلام رسول کو تھانے منتقل کیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ دوسری جانب پاکستان بازار پولیس نے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے پہاڑی کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ ایدھی حکام کے مطابق ملزمان کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ زخمی ڈاکوؤں کی شناخت شاہنواز اور حنیف کے نام سے ہوئی، جنہیں عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ زخمی پولیس اہلکار 32 سالہ فراز کو نجی اسپتال میں طبی امداد فراہم کی گئی۔ ادھر بوٹ بیسن پولیس نے مسلح فورچونر گاڑی میں سوار ملزمان سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ ان کا تیسرا ساتھی ایم فور رائفل اور گولیاں پھینک کر سیاہ فورچونر گاڑی میں فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق زخمی گرفتار ملزم کی شناخت شہزاد زیب عرف چوڑہ کے نام سے ہوئی جسے اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ دوسرے ملزم عرفان کو تھانے منتقل کیا گیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ کے مطابق فرار ہونے والے ملزم کا نام عدنان گل معلوم ہوا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک ایم فور رائفل بمعہ گولیاں، 2 پستول بمعہ گولیاں، موبائل فونز اور نقدرقم برآمد کرلی۔ پولیس کی جانب سے گرفتار ملزمان سے تفتیش اور فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ کے چیئرمین شیخ طارق صادق، سابق صدور عبدالرؤف عالم، خالد جاوید، میاں اکرم فرید، ظفر بختاوری، میاں شوکت مسعود، محمد اعجاز عباسی، شیخ عامر وحید، محفوظ الٰہی، یاسر داؤد اور شکیل منیر، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، چیمبر کے سینئر اراکین، مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری اور آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ سمیت دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آئی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ آئی سی سی آئی کی صدارت سنبھالنا ان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہونے کے ساتھ ساتھ اہم ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ کاروباری برادری کے مفادات کے تحفظ اور فروغ، ان کے بنیادی مسائل کے حل اور کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ترجیحات میں کاروباری برادری کو درپیش مسائل کا مؤثر حل، مارکیٹوں اور صنعتی علاقوں کی ترقی اور اسلام آباد کے مجموعی کاروباری وشہری ماحول میں بہتری شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی قیادت اجتماعی مشاورت اور باہمی تعاون کے ذریعے کام کرے گی اور کاروباری برادری کے لیے اپنے دروازے ہمیشہ کھلے رکھے گی۔ سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں خلوص، محنت اور لگن سے ادا کریں گے اور کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لیے صدر آئی سی سی آئی کے ساتھ مل کر بھرپور کردار ادا کریں گے۔ فاؤنڈر گروپ کے چیئرمین شیخ طارق صادق نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ نئی قیادت کاروباری برادری کی خدمت اور آئی سی سی آئی کو مزید مضبوط بنانے کی روایت کو آگے بڑھائے گی۔ اس موقع پر سبکدوش ہونے والے صدر سردار طاہر محمود، سینئر نائب صدر طاہر ایوب اور نائب صدر محمد عرفان چوہدری نے بھی نومنتخب قیادت کو مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بعد ازاں سبکدوش ہونے والے عہدیداران کو چیمبر اور کاروباری برادری کے لیے ان کی خدمات کے اعتراف میں پرتپاک انداز میں الوداع کیا گیا

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

کو نامزد کیا گیا ہے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ ایم ڈی کیٹ کا سوالیہ پرچہ اور جوابی کلید فوری طور پر ویب سائٹ پر جاری کرنے کی ہدایت کی جائے اور دونوں کو 3 روز کے اندر ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا جائے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ سوالیہ پرچہ دیکھے بغیر امیدواروں کیلئے جوابی کلید کو مؤثر انداز میں چیلنج کرنا ممکن نہیں۔ درخواست کے مطابق 20 ستمبر کو ایم ڈی کیٹ کا امتحان ہوا، تاہم امیدواروں کو صرف جوابی شیٹ کی کاربن کاپی فراہم کی گئی اور سوالیہ پرچہ ساتھ لے جانے کی اجازت نہیں دی گئی۔ درخواست گزار نے عدالت سے تمام امیدواروں کو سوالیہ پرچہ فراہم کرنے کی ہدایت جاری کرنے کی بھی استدعا کی ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ چند نمبروں کا فرق بھی امیدوار کے میرٹ اور میڈیکل کالج میں داخلے پر اثرانداز ہوسکتا ہے، اس لیے حتمی میرٹ لسٹ جاری کرنے سے قبل معاملے کو شفاف بنایا جائے۔ درخواست گزار نے حتمی میرٹ لسٹ اور داخلوں کو حتمی شکل دینے سے روکنے کی بھی استدعا کی ہے۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

کے شوہر اور پڑوسن کا کہنا ہے کہ دو ڈاکو گھر میں چوری کی نیت سے داخل ہوئے تھے، خاتون کے شور مچانے پر فائرنگ کرکے قتل کیا اور فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤن کے علاقے گھگھر پھاٹک پل کے قریب قادر نگر کچی آ؟ بادی میں فائرنگ سے خاتون جاں بحق ہوگئی، جاں بحق ہونے والی خاتون کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کی گئی۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 30 سالہ بختاور عرف بکھاں زوجہ رسول بخش کے نام سے کی گئی۔ ایس ایچ او اسٹیل ٹاؤن انسپکٹر جاوید ابڑو کا دعویٰ ہے کہ واقعہ گھریلو رنجش کا شاخسانہ ہے، مقتولہ خاتون نے خود کو گولی مار کر خودکشی کی ہے تاہم پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ مقتولہ بختاور کی پڑوسن شہزادی نے بتایا کہ مقتولہ کی تقریباً ڈیڑھ سال قبل شادی ہوئی تھی، مقتولہ کی ایک 20 دن کی بیٹی ہے جبکہ اس کا آبائی تعلق اندرون سندھ ٹنڈو محمد خان سے تھا، مقتولہ کا شوہر محنت مزدوری کرتا تھا، بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب گھر کے دیگر افراد سو چکے تھے جبکہ بختاور اپنی بیٹی کو فیڈ کروا رہی تھی۔ پڑوسن نے بتایا کہ اسی دوران دو مسلح افراد دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہوئے، مسلح افراد کو دیکھ کر بختاور نے چیخ و پکار شروع کردی جس سے ملزمان مشتعل ہوگئے اور انہوں نے فائرنگ کردی جس سے ایک گولی بختاور کے سر میں لگی جس سے وہ شدید زخمی ہوگئی اور پھر کچھ دیر بعد دم توڑ گئی، مسلح ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ مقتولہ کے شوہر نے بھی واقعہ ڈکیتی کا بتایا تاہم ایس ایچ او کا دعویٰ ہے کہ خاتون نے خودکشی کی ہے۔ اسٹیل ٹاؤن کے ایک پولیس افسر نے بتایا کہ جس علاقے میں واقعہ ہوا ہے وہ علاقہ جرائم پیشہ افراد کا گڑھ ہے، انہوں نے بتایا کہ اس علاقے میں چوری ڈکیتی سمیت تمام جرائم کی وارداتیں عام ہیں اور اس سے قبل بھی آنے والے ایس ایچ او نہ تو وارداتیں روک سکے اور نہ کسی ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس افسر کا کہنا تھا کہ ممکنہ طور پر واقعہ ڈکیتی مزاحمت کا ہوسکتا ہے تاہم تفتیش کے بعد حقائق سامنے آجائیں گے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

کارروائیاں کرتے ہوئے مسلح ڈکیتیوں میں ملوث ملزمان سمیت 5 افراد کو گرفتار کرلیا، پولیس مقابلوں میں 3 ملزمان زخمی ہوئے جبکہ ایک پولیس کانسٹیبل بھی معمولی زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق کارروائیوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ، نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل، گٹکا ماوا اور غیر ملکی سگریٹ برآمد کیے گئے۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق منگھوپیر پولیس نے پیٹرولنگ کے دوران ایک ملزم ثناء اللہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 230 پڑیاں گٹکا ماوا، غیر ملکی سگریٹ کے 30 پیکٹ اور 10 ڈنڈے برآمد کرلیے۔ سپلائی میں استعمال ہونے والی کار بھی قبضے میں لے لی گئی، جبکہ ملزم کا ساتھی فرار ہوگیا۔ منگھوپیر کے علاقے مہران سٹی کے قریب پولیس مقابلے میں اقبال زخمی اور غلام رسول کو بغیر زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ، گولیاں، چلیدہ خول اور نقدی برآمد ہوئی، جبکہ موٹرسائیکل بھی قبضے میں لے لی گئی۔ پاکستان بازار کے علاقے گلشن ضیاء میں پولیس مقابلے کے دوران کانسٹیبل فراز معمولی زخمی ہوگیا، جبکہ 2 ملزمان شاہنواز اور علی رضا کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق 2 ملزمان فرار ہوگئے۔ گرفتار ملزمان سے اسلحہ، گولیاں، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقدی برآمد ہوئی۔ مومن آباد پولیس نے سیکٹر 4 ایف میں 17 ستمبر کو ہونے والی گھر میں ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب ملزم نعیم خان کو گرفتار کرکے 9 لاکھ روپے نقدی، زیورات، اسلحہ، موٹر سائیکل اور ہیلمٹ برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے واردات کے دوران لوٹے گئے زیورات فروخت کرکے حاصل ہونے والی رقم کی نشاندہی بھی کی۔ دوسری جانب اورنگی ٹاؤن کے ارکان گرائونڈ سیکٹر 12 ایل اور ملحقہ علاقوں میں کومبنگ وسرچ آپریشن کیا گیا، جس کے دوران داخلی و خارجی راستوں کی ناکہ بندی کرکے متعدد مشتبہ افراد کی بائیومیٹرک تصدیق کی گئی۔ پولیس کے مطابق آپریشن جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی اور امن وامان برقرار رکھنے کیلئے کیا گیا۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

منظوری دی گئی۔ کابینہ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کمیشن اب تک وسیع پیمانے پر کارروائی کرچکا ہے اور درجنوں گواہوں کے بیانات قلمبند کیے جاچکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ کے ترجمان کے مطابق تحقیقات مکمل کرنے اور سفارشات مرتب کرنے کے لیے کمیشن کو مزید مہلت دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا نوٹیفکیشن 24 اگست کو جاری کیا گیا تھا جبکہ کمیشن نے 27 اگست کو کام کا آغاز کیا تھا۔ محکمہ داخلہ سندھ نے کمیشن کو ایک ماہ میں کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

عرف چکی اور کامران کے خلاف منشیات کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ملزمہ انمول عرف چکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش نہ کیے جانے پر عدالت نے وومن جیل حکام پر برہمی کا اظہار کیا۔ عدالت نے ملزمہ انمول عرف چکی کے پروڈکشن آرڈر جاری کرتے ہوئے وومن جیل کے سپرنٹنڈنٹ سے جواب طلب کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کامران کو 2025 میں درخشاں کے علاقے سے گرفتار کیا گیا تھا، جس نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ کوکین ڈیلر انمول کے لیے کام کرتا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمہ انمول عرف چکی کو 2026 میں گرفتار کیا گیا اور وہ شہر میں منشیات کا بڑا نیٹ ورک چلا رہی تھی۔ مقدمے میں ملزم کامران ضمانت پر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز فورم اور اس سے وابستہ برآمد کنندگان، جو پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں اور سب سے زیادہ روزگار فراہم کر رہے ہیں، اس امر پر حیران ہیں کہ بعض غیر برآمدی شعبوں اور بیوروکریسی کے چند اراکان نے وزیراعظم کو پاکستان کی برآمدات کی حقیقی صورتحال سے آگاہ نہیں کیا۔ پالیسی سازی اور اس پر عمل درآمد وفاقی حکومت کے اختیار میں ہے، برآمد کنندگان کے نہیں۔ برآمد کنندگان غیر معمولی چیلنجز کے باوجود بقا کی جنگ لڑتے ہوئے بھرپور محنت کر رہے ہیں۔ بلند پیداواری لاگت، بھاری ٹیکسز، پالیسیوں میں عدم استحکام، ریفنڈز میں تاخیر اور مسابقت کے منصفانہ مواقع کی کمی نے ان کے مسائل میں اضافہ کیا ہے۔ برآمدات میں اضافے کے لیے مسابقتی توانائی کی قیمتیں، ٹیکس اصلاحات، بروقت ریفنڈز اور مستقل و تسلسل پر مبنی پالیسیاں ناگزیر ہیں۔ پاکستان کو زیادہ برآمدات، زیادہ سرمایہ کاری اور زیادہ ویلیو ایڈیشن کی ضرورت ہے۔ برآمد کنندگان مسلسل مطالبہ کرتے رہے ہیں کہ "برآمدات" کو مکمل طور پر وفاقی معاملہ اور مضمون قرار دیا جائے اور کم ازکم 10 سال کے لیے مستقل وفاقی برآمدی پالیسیاں نافذ کی جائیں۔ برآمد کنندگان ماضی میں بھی، آج بھی اور آئندہ بھی اس قومی مقصد کے لیے حکومت کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ جاوید بلوانی نے کہا کہ آل پاکستان ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز فورم واضح کرتا ہے کہ غیر برآمدی شعبوں کی جانب سے یہ تاثر دینا کہ پاکستان کی برآمدی صنعتیں کئی دہائیوں تک حکومتی معاونت حاصل کرنے کے باوجود نا کام رہی ہیں، درست نہیں۔ برآمد کنندگان بھی محترم وزیراعظم کی طرح دن رات، 24 گھنٹے اور سال کے 365 دن، حتیٰ کہ اتوار کے روز بھی، برآمدات بڑھانے کے لیے کام کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

حل کے لیے ہرممکن تعاون جاری رکھے گی۔ یہ بات انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے سالانہ عشائیے کے موقع پر صنعتکاروں اور بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سبکدوش ہونے والے صدر محمد اکرام راجپوت، کاٹی کے ایکٹنگ پیٹرن ان چیف، زبیر چھایا، چیئرمین کائٹ زاہد سعید، سی ای او سلیم الزماں، صوبائی وزیر جام اکرام دھاریجو، سعید غنی، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو، ممبر قومی اسمبلی وبزنس مین ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، زبیر طفیل، خالد تواب، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر سید طلحہ علی، ڈاکٹر عبدالباری، غیر ملکی سفارتکار، بیوروکریٹس، کاٹی کے نومنتخب صدر شیخ عمر ریحان، آئی جی سندھ جاوید اوڈھو، کاٹی کے سابق چیئرمین و صدور سمیت مختلف اداروں سے وابستہ عہدیداران، بزنس کمیونٹی اور دیگر کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کاٹی کے صنعتکاروں کی درخواست پر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ایک اسٹار کل فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ یلو لائن منصوبے پر صنعتکاروں کے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے سید مراد علی شاہ نے کہا کہ انڈسٹریاں دو گھنٹے بھی بند ہونے کی متحمل نہیں ہوسکتیں، منصوبے کے دوران صنعتی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں، اس کے لیے صنعتکاروں سے مشاورت کرکے لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

ہے۔ کے سی سی آئی کے 65 ویں سالانہ جنرل اجلاس میں کے سی سی آئی کے نومنتخب صدر طلعت محمود، سینئر نائب صدر اسلم پکھالی اور عاطف جمیل الرحمان کو 2026-28 کے لیے نائب صدر منتخب ہونے کے اعلان کے موقع پر زبیر موتی والا نے اپنے خطاب میں کہا کہ انتخابی نتائج کے سی سی آئی کے ممبران، مارکیٹوں، صنعتی ایسوسی ایشنز اور پوری تاجر برادری کی مشترکہ کاوشوں کا مظہر ہیں۔ انہوں نے سبکدوش صدر محمد ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا اور نائب صدر عارف لاکھانی کو ان کی کارکردگی پر مبارکباد دی اور بی ایم جی کے ممبران، سابق عہدیداروں اور حامیوں کی انتھک کاوشوں کو بھی سراہا۔ زبیر موتی والا نے کہا کہ نئے عہدیداروں پر لازم ہے کہ وہ کے سی سی آئی سے رابطہ کرنے والے ہر فرد کی خدمت کریں اور ساتھ ہی ادارے کے نظم وضبط اور نظام کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کارکردگی کی ذمہ داری صرف تین منتخب عہدیداروں تک محدود نہیں بلکہ پوری ایگزیکٹو کمیٹی اور مختلف کمیٹیوں کے چیئرمین بھی اس میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

تعاون کا مقصد مالیاتی حل فراہم کرکے ایس ایم ای کے شعبے کو مالیاتی طور پر بااختیار بنانا ہے جس سے کاروباروں کو اپنے آپریشنز کو وسعت دینے، پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے اور ترقی کے لیے درکار مالیاتی وسائل تک رسائی ممکن ہو سکے گی۔ اس شراکت داری کے ذریعے ابھی مائیکرو فنانس بینک اور راولپنڈی چیمبر ایک زیادہ مضبوط مالیاتی کاروباری ماحولیاتی نظام کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہے۔ دستخط کی اس تقریب میں ابھی مائیکرو فنانس بینک کی سینئر مینجمنٹ اور راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قیادت نے شرکت کی جو بامعنی شراکت داری کو فروغ دینے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے دونوں اداروں کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔ اس شراکت داری کے ذریعے ابھی مائیکرو فنانس بینک کاروباروں کو ترقی دینے کے قابل بنانے، مواقع پیدا کرنے، اور پاکستان کی معاشی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنے کے ذریعے مالیاتی شمولیت کے لیے اپنے عزم کو آگے بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہے

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

انعقاد، خواتین کاروباری افراد کی شرکت، مصنوعات کی نمائش، مارکیٹ لنکیج اور کاروباری مواقع کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر TDAP ریجنل آفس کوئٹہ نور علی اچکزئی نے کہا کہ خواتین کاروباری افراد ملکی معیشت اور برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ WEXNET کوئٹہ کے ذریعے خواتین کو اپنی مصنوعات اور کاروباری صلاحیتوں کو نمایاں کرنے، نئے کاروباری روابط قائم کرنے اور قومی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ TDAP خواتین کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی اور انہیں تجارت و برآمدات کے مرکزی دھارے سے منسلک کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہا ہے۔ WEXNET کوئٹہ اسی سلسلے کی ایک اہم کاوش ہے جس کے ذریعے بلوچستان کی خواتین کاروباری افراد کو وسیع تر مارکیٹ سے جوڑنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں شرکاء کو WEXNET کے اغراض و مقاصد، شرکت کے طریقہ کار اور متوقع سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ کاروباری خواتین نے اپنی مصنوعات کی مارکیٹنگ، برانڈنگ، پیکیجنگ، مارکیٹ تک رسائی، کاروباری روابط اور برآمدات سے متعلق مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ TDAP حکام نے شرکاء کو بتایا کہ WEXNET کے دوران B2B روابط، مارکیٹ لنکیج، نیٹ ورکنگ اور برآمدی مواقع کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے گی، تاکہ خواتین کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کو مزید وسعت دینے میں مدد مل سکے۔ WEXNET کی پہلی ایڈیشن کوئٹہ میں منعقد ہوگی۔ اس موقع پر مختلف شعبوں سے وابستہ خواتین کاروباری افراد کو اپنی مصنوعات، برانڈز اور کاروباری صلاحیتوں کو نمایاں کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ WEXNET کوئٹہ کی کامیابی کے لیے سرکاری اداروں، چیمبرز آف کامرس، کاروباری تنظیموں، ترقیاتی اداروں اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر روابط اور تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ TDAP ریجنل آفس کوئٹہ نے تمام اہل خواتین کاروباری افراد کو WEXNET کوئٹہ میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ یہ پلیٹ فارم خواتین کاروباری نیٹ ورکنگ، مارکیٹ ایکسپوژر، پروموشن اور برآمدی مواقع * سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

پاکستان، امریکہ بزنس کونسل کے ساتھ اپنی وابستگی کے دوران، انہوں نے مسلسل پاکستان اور امریکہ کے نجی شعبوں کے درمیان بڑھتے ہوئے رابطوں کی وکالت کی ہے۔ اس دوران انہوں نے دوطرفہ تجارت کو وسعت دینے، کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور کاروباری برادریوں کے درمیان مضبوط ادارہ جاتی روابط قائم کرنے پر خصوصی زور دیا ہے۔ اپنی دوبارہ تقرری پر تبصرہ کرتے ہوئے شیخ امتیاز حسین نے کہا کہ پاکستان کی قیادت نے علاقائی امن، استحکام، تعمیری دوطرفہ تعاون اور اقتصادی ترقی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے، جو بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مضبوط تجارتی تعلقات کے لیے ایک اہم بنیاد فراہم کرتا ہے۔ پاکستان اور امریکہ کے اقتصادی تعلقات میں بے پناہ امکانات موجود ہیں اور ہمارا مقصد ان امکانات کو دونوں ممالک کے کاروبار، سرمایہ کاروں، برآمد کنندگان اور کاروباری افراد کے لیے ٹھوس مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے کام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان اور امریکہ کے درمیان کاروباری سطح پر تعلقات کو مضبوط بنانے اور تجارت و سرمایہ کاری کے نئے راستے تلاش کرنے کے لیے بھرپور کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان، امریکہ بزنس کونسل دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں "جوائنٹ وینچرز" ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون، مارکیٹ تک رسائی اور کاروباری سطح پر رابطوں کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرے گی، جبکہ پاکستانی اور امریکی کاروباری برادریوں کے درمیان باہمی میل جول کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وژن پاکستان اور امریکہ کے کاروباری تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانا اور مضبوط، پائیدار اور باہمی طور پر فائدہ مند اقتصادی شراکت داریاں قائم کرنا ہے۔ ہم نئے مواقع کی نشاندہی کرنے اور انہیں عملی جامہ پہنانے کے لیے دونوں ممالک کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز، کاروباری تنظیموں، سرمایہ کاروں اور تجارتی اداروں کے ساتھ فعال طور پر رابطہ رکھیں گے۔ شیخ امتیاز حسین نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے نجی شعبے میں امریکی مارکیٹ میں اپنی موجودگی بڑھانے کی نمایاں صلاحیت موجود ہے، خاص طور پر زراعت و باغبانی، فوڈ پروسیسنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مینوفیکچرنگ، ٹیکسٹائل، خدمات اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں انہوں نے ایف پی سی سی آئی (FPCCI)، پاکستانی تجارتی مشنز، امریکی کاروباری تنظیموں، ایوان ہائے تجارت اور متعلقہ سرکاری اداروں کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا، تاکہ تجارتی روابط کو بڑھایا جاسکے اور پاکستان کو تجارت وسرمایہ کاری کے لیے ایک پرکشش مرکز کے طور پر فروغ دیا جا سکے۔ توقع ہے کہ شیخ امتیاز حسین کی دوبارہ تعیناتی سے پاکستان اور امریکہ کے درمیان مضبوط اقتصادی، تجارتی اور سرمایہ کاری تعلقات استوار کرنے اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کی کونسل کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

فلائی اوور کی مذکورہ سمت بند رہے گی، جبکہ شہریوں کو متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیپا سے حسن اسکوائر جانے والی ٹریفک راشد منہاس روڈ استعمال کرے گی، جبکہ ملینیم مال سے دائیں جانب مڑ کر اسٹیڈیم روڈ کے ذریعے منزل کی جانب جایا جا سکے گا گلشن اقبال، عیسیٰ نگری اور عزیز آباد جانے والی چھوٹی گاڑیاں نیپا فلائی اوور کے نیچے سے دائیں جانب مڑ کر سردار علی صابری روڈ اور رب میڈیکل سگنل کے راستے اپنی منزل تک پہنچ سکیں گی۔ ترجمان کراچی ٹریفک پولیس کے مطابق عملہ اہم مقامات اور ڈائیورژن پوائنٹس پر موجود رہے گا۔ شہریوں کو ٹریفک پولیس کی ہدایات پر عمل کرنے اور غیر ضروری پریشانی سے بچنے کے لیے متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ٹریفک سے متعلق رہنمائی یا ہنگامی صورتحال میں شہری ہیلپ لائن 1915 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ بڑی مقدار میں مبینہ جعلی و غیر رجسٹرڈ ادویات اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر مبنی مواد برآمد کرلیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈریپ) کے ہمراہ قابل اعتماد اطلاع پر ڈیفنس فیز 7 اور کلفٹن میں دو میڈیکل اسٹورز پر کارروائی کی گئی۔ مختلف بین الاقوامی برانڈز کی غیر رجسٹرڈ اور غیر مجاز ادویات بڑی مقدار میں برآمد ہوئیں، جن کی مالیت تقریباً 80 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ کارروائی کے دوران سراج الدین اور فرحان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دوسری کارروائی بیوٹی آئیکون انٹرنیشنل کی شکایت پر کی گئی، جس میں ایف آئی اے نے قانونی جانچ کے بعد کارروائی کرتے ہوئے سید محمد شائل اور عبید شہزاد کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے رجسٹرڈ کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر مبنی بڑی مقدار میں مواد برآمد ہوا۔ ایف آئی اے کے مطابق کاپی رائٹ خلاف ورزی کے مقدمے میں کاپی رائٹ آرڈیننس 1962 کی متعلقہ دفعات، بشمول سیکشن 66 اور 66 اے، کے تحت کارروائی جاری ہے جبکہ مزید تفتیش کے ذریعے مبینہ طور پر ملوث دیگر افراد اور نیٹ ورک کا سراغ لگایا جا رہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ غیر قانونی ادویات، جعلی و غیر رجسٹرڈ مصنوعات اور دانشورانہ املاک کے حقوق کی خلاف ورزی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

فلاحی شعبے میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر روشن خورشید بروچہ نے ایس او ایس چلڈرن ولیج پاکستان کی جانب سے یتیم اور بے سہارا بچوں کی کفالت، تعلیم وتربیت اور بہتر مستقبل کی فراہمی کیلئے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے سماجی بہبود اور بچوں کی فلاح کیلئے ایس او ایس ولیج کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بچوں کی تعلیم، صحت، محفوظ ماحول کی فراہمی اور فلاح کیلئے کام کرنے والے ادارے معاشرے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ فلاحی اداروں کی خدمات اس حوالے سے قابل قدر ہیں۔ روشن خورشید بروچہ نے کہا کہ معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے سرکاری ونجی اداروں کیساتھ ساتھ بین الاقوامی سطح پر تعاون کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دونوں شخصیات نے اس امر پر اتفاق کیا کہ انسانی بہبود اور معاشرتی ترقی کیلئے باہمی روابط اور تعاون کو مزید وسعت دی جانی چاہیے۔ ملاقات کے اختتام پر روشن خورشید بروچہ نے سید ندیم عالم شاہ کا شکریہ ادا کیا جبکہ دونوں جانب سے مستقبل میں سماجی بہبود کے حوالے سے رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

ہمراہ اسپیشل سیکیورٹی یونٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد نے سیکیورٹی پلاننگ، کوآرڈینیشن، بریفنگ، کمانڈ اینڈ کنٹرول، دستیاب وسائل کا استعمال اور سیکیورٹی سے متعلق مشقوں اور آپریشنز کے عملی طریقہ کار سے آگاہی حاصل کرنے کے لئے ایس ایس یو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ وفد کو اسپیشل سیکیورٹی یونٹ کے فرائض، آپریشنل صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ تربیتی معیار کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ایس ایس یو کے سینئر افسر میجر (ریٹائرڈ) محمد سلیم نے جدید سیکیورٹی اور انسداد دہشت گردی کے چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ایس ایس یو کمانڈوز کو فراہم کی جانے والی خصوصی تربیت کے بارے میں آگاہ کیا۔ وفد نے کمانڈنٹ ایس ایس یو عامر خان نیازی سے بھی ملاقات کی، جنہوں نے سیکیورٹی مشقوں اور آپریشنز کی منصوبہ بندی اور انعقاد کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی، جس میں سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ، آپریشنل منصوبہ بندی، فرائض اور ذمہ داریوں کی تقسیم، مختلف محکموں کے درمیان کوآرڈینیشن، دستیاب وسائل کا استعمال، کمانڈ اینڈ کنٹرول کے امور شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے ایس ایس یو ہیڈکوارٹرز کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور ایس ایس یو میں برقرار رکھے جانے والے پیشہ ورانہ معیار، آپریشنل تیاری اور سیکیورٹی انتظامات کو سراہا۔ شرکاء نے ایس ایس یو کے تجربات سے استفادہ کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ یہ دورہ کورس شرکاء کے لیے سیکیورٹی آپریشنز کے شعبے میں عملی تجربہ حاصل کرنے اور کلاس روم میں حاصل کیے گئے تجربے کو عملی میدان میں منظم طریقہ کار سے مربوط کرنے کا مؤثر موقع ثابت ہوا۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

نے لاڑکانہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور نوجوان راشد علی کھوسو کی بازیابی کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین میں راشد علی کی والدہ راجیل خاتون، بہن، چچی زیبل کھوسو اور دیگر اہلخانہ شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ راشد علی 2021 سے دبئی میں محنت مزدوری کرکے اہلخانہ کی کفالت کر رہا تھا اور 29 جولائی کو دبئی کے شہر شارجہ سے کراچی ایئرپورٹ پہنچا، جہاں سے مبینہ طور پر لاپتا ہوگیا۔ اہلخانہ کے مطابق انہوں نے واقعے کے بعد ایئرپورٹ تھانے سے رابطہ کرکے رپورٹ درج کرانے کی کوشش کی، تاہم پولیس نے راشد علی کی گرفتاری یا حراست سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ مظاہرین نے دعویٰ کیا کہ راشد علی کا کسی تنظیم سے کوئی تعلق نہیں اور اسے بے قصور مبینہ طور پر لاپتا کیا گیا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نوجوان کا سراغ لگا کر اسے فوری بازیاب کرایا جائے۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

قریب زیر تعمیر یونیورسٹی پل کا ڈھانچہ زمین بوس ہونے سے سیکیورٹی گارڈ ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال کے علاقے بیت المکرم مسجد کے سامنے یونیورسٹی روڈ پر زیر تعمیر پل کا ڈھانچہ زمین بوس ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122، چھیپا، ایدھی، پولیس اور رینجرز سمیت دیگر متعلقہ ادارے موقع پر پہنچ گئے۔ ریسکیو کی ٹیم نے زمین بوس ہونے والے پل کے ڈھانچے کے ملبے تلے دبنے والے ایک شخص کی لاش نکال کر چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق شبہ تھا کہ ملبے تلے مزید مزدور دبے ہوئے ہیں، جس پر ٹیکنیکل طریقے سے ملبے تلے چیکنگ کی گئی لیکن مزید کسی شخص کے دبے ہونے کے شواہد نہیں ملے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والا شخص سیکیورٹی گارڈ کے فرائض انجام دے رہا تھا، فوری طور پر متوفی کی شناخت نہیں ہو سکی، عزیز بھٹی پولیس تلاش ڈیوائس کی مدد سے شناخت کا عمل کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

نے شرکت کی۔ فرانسیسی فوٹوگرافر ایزابیلا ڈی روفینیاک کی تیار کردہ اس منفرد نمائش کا اہتمام آواری کے اشتراک سے کیا گیا ہے، جبکہ پاکستان میں فرانسیسی سفارت خانے نے اس کی معاونت کی ہے۔ نمائش میں 30 دستاویزی پورٹریٹس شامل ہیں، جن میں ہر تصویر کے ساتھ متعلقہ لڑکی کی زندگی اور حالات پر مبنی مختصر تحریر بھی پیش کی گئی ہے، تاکہ دیکھنے والے ان نوجوان لڑکیوں کی کہانیوں کو ان کی اپنی نظر سے سمجھ سکیں۔ آواری ٹاورز میں ابتدائی نمائش کے بعد یہ سلسلہ یکم اکتوبر سے الائنس فرانسیز کراچی منتقل ہوگیا ہے، جہاں 11 اکتوبر 2026 تک عوام کے لیے جاری رہے گا۔ تقریب کا آغاز ایک مختصر ویڈیو سے ہوا جس میں فوٹوگرافر ایزابیلا ڈی روفینیاک نے اس منصوبے کے پس منظر اور سندھ و پنجاب میں ایک سال تک جاری رہنے والے اپنے تحقیقی و دستاویزی کام کے بارے میں بتایا۔ گرافک ڈیزائننگ کی تربیت حاصل کرنے والی فرانسیسی فوٹوگرافر نے اپنی دستاویزی فوٹوگرافی کے ذریعے ان افراد، مقامات اور مسائل کو اجاگر کرنے کا کام کیا ہے جنہیں عموماً نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ ان کے مطابق فوٹوگرافی کا مقصد ایسے لوگوں اور ان کی کہانیوں کو سامنے لانا ہے جن کی آواز عام طور پر معاشرے تک نہیں پہنچ پاتی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان آمد اور بالخصوص سندھ و پنجاب میں کام کرنے کی بنیادی وجہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ کمزور طبقات کی زندگیوں پر مرتب ہونے والے اثرات کو دستاویزی شکل دینا تھا۔ نمائش کا بنیادی موضوع موسمیاتی آفات اور کم عمری کی شادیوں کے درمیان موجود پیچیدہ تعلق ہے۔ فوٹوگرافر نے واضح کیا کہ موسمیاتی آفات براہ راست کم عمری کی شادیوں کا سبب نہیں بنتیں، تاہم پہلے سے موجود سماجی اور معاشی مسائل کو مزید سنگین بنا سکتی ہیں۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان بھر میں تقریباً 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے، جبکہ 2 کروڑ سے زائد افراد کو انسانی امداد کی ضرورت پیش آئی۔ سندھ میں بڑی تعداد میں خاندانوں کی زمینیں، گھر اور روزگار کے ذرائع تباہ ہوگئے، جس کے نتیجے میں کئی خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہوئے۔ ایسے حالات میں بعض خاندانوں نے اپنی بیٹیوں کی کم عمری میں شادی کو مالی بوجھ کم کرنے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کا ایک ذریعہ سمجھا۔ یہ صورتحال اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ قدرتی آفات کس طرح غربت، معاشی عدم تحفظ اور پہلے سے موجود سماجی مسائل کو مزید گہرا کر سکتی ہیں۔ کم عمری کی شادیوں کا مسئلہ صرف سندھ یا پاکستان تک محدود نہیں بلکہ دنیا بھر میں لاکھوں بچیوں کا مستقبل اس سے متاثر ہو رہا ہے۔ یونیسیف کے اعداد وشمار کے مطابق اس وقت دنیا میں زندہ تقریباً 65 کروڑ خواتین اور لڑکیاں ایسی ہیں جن کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے کردی گئی تھی، جبکہ ہر سال تقریباً ایک کروڑ 20 لاکھ لڑکیاں بچپن ہی میں شادی کے بندھن میں باندھ دی جاتی ہیں۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

رعایتیں فراہم کی جائیں گی، جس سے روزمرہ صحت سے متعلق سہولیات کو مزید آسان، قابل رسائی اور فائدہ مند بنایا جائے گا۔ دستخط کی تقریب میں دوا گو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، جناب واصف خان؛ جوبلی لائف انشورنس کے گروپ ہیڈ – کارپوریٹ بزنس اینڈ ویلنس، جناب فیض الحسن؛ جوبلی لائف انشورنس کے چیف مینیجر – مارکیٹنگ اینڈ برانڈ مینجمنٹ، جناب عبدالقدیر بھٹی؛ اور جوبلی لائف انشورنس کے سینئر مینیجر – مارکیٹنگ اینڈ برانڈ مینجمنٹ، جناب سید محمد احسن نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 53 «قوم کی آواز»

زیڈ احمد کا بیان ریکارڈ کرلیا گیا ہے، مجھے چند روز قبل ہی انکوائری موصول ہوئی ہے، جواب جمع کرانے کے لیے مہلت دی جائے۔ عدالت نے ایف آئی اے سے انکوائری میں پیش رفت کی رپورٹ آئندہ سماعت پر طلب کرتے ہوئے سماعت 20 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

کراچی چیمبر، طلعت محمود صدر، اسلم پکھالی سینئر نائب صدر منتخب

عاطف جمیل الرحمان نائب صدر، بی ایم جی کی شاندار جیت، نومنتخب عہدیداروں کو ٹھوس اور عملی نتائج دینا ہوں گے، زبیر موتی والا

کراچی (بزنس رپورٹر) بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے چیئرمین زبیر موتی والا نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی نومنتخب عہدیداروں پر زور دیا ہے کہ وہ انتخابات میں ملنے والے شاندار مینڈیٹ کو کراچی کی تاجر برادری کے لیے ٹھوس اور عملی نتائج دینے پر توجہ مرکوز رکھیں کیونکہ زیادہ حمایت کے ساتھ زیادہ ذمہ داری اجتماعی طور پر زیادہ توقعات اور نظم وضبط اور قابل عمل اقدامات کی ضرورت بھی بڑھ جاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)





جاپان، پاکستان میں سماجی بہبود کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

جاپان کے اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سے سابق وفاقی وزیر روشن خورشید بروچہ کی ملاقات

کراچی (بزنس رپورٹر) سابق نگران وفاقی وزیر اور ایس او ایس چلڈرن ویلج پاکستان کی چیئرپرسن روشن خورشید بروچہ نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ میں ہونے والی ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، سماجی بہبود، بچوں کی فلاح و بہبود اور پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ روابط کے فروغ سمیت سماجی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کی کارروائیاں، 4 ملزمان گرفتار

غیر رجسٹرڈ ادویات اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر کارروائیاں، 80 لاکھ روپے کی ادویات برآمد

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے کے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے غیر رجسٹرڈ ادویات کی فروخت اور کاپی رائٹ کی خلاف ورزی کے خلاف کارروائیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

سرسید فلائی اوور سے حسن اسکوائر جانے والی سڑک ٹریفک کے لیے مکمل بند

ترقیاتی کام مکمل ہونے تک فلائی اوور کی مذکورہ سمت بند رہے گی، شہریوں کو متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) کراچی میں ترقیاتی کام کے باعث سرسید فلائی اوور کی حسن اسکوائر جانے والی سمت ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند کر دی گئی۔ ترقیاتی کام مکمل ہونے تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ابھی مائیکرو فنانس بینک کا راولپنڈی چیمبر کیساتھ ملکر کام کرنے کا اعلان

مفاہمت کی یادداشت پر راولپنڈی چیمبر کے صدر عثمان شوکت اور ابھی مائیکرو فنانس بینک کے چیف کمپلائنس آفیسر مبشر شاہانی کے دستخط

کراچی (بزنس ڈیسک) ابھی مائیکرو فنانس بینک نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو مالیاتی سہولیات تک رسائی بہتر بنا کر اور کاروبار میں وسعت کے لئے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ مل کر کام کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مفاہمت کی یادداشت پر راولپنڈی چیمبر کے صدر عثمان شوکت اور ابھی مائیکرو فنانس بینک کے چیف کمپلائنس آفیسر مبشر شاہانی نے دستخط کیے۔ اس اسٹریٹجک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



ٹڈاپ کوئٹہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی کاروباری خواتین کا اہم اجلاس

اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر ٹڈاپ ریجنل آفس کوئٹہ نور علی اچکزئی نے کی، مارکیٹ لنکیجز اور کاروباری مواقع کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال




کراچی (بزنس رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹڈاپ)، ریجنل آفس کوئٹہ میں WEXNET کی پہلی ایڈیشن کوئٹہ کے انعقاد کے سلسلے میں کاروباری خواتین کے ساتھ ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر TDAP ریجنل آفس کوئٹہ، نور علی اچکزئی نے کی۔ اجلاس میں کوئٹہ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی کاروباری خواتین نے شرکت کی اور WEXNET کوئٹہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

بلوچستان پولیس کے زیرِ تربیت ڈی ایس پیز وفد کا ایس ایس یو کا دورہ

سینئر افسر میجر (ریٹائرڈ) محمد سلیم نے جدید سیکیورٹی اور انسدادِ دہشت گردی کے چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل پولیس اکیڈمی، اسلام آباد میں بلوچستان پولیس کے زیرِ تربیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس (DSsP) پر مشتمل وفد نے فیکلٹی ارکان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



دبئی سے واپس آنے والا نوجوان کراچی ایئرپورٹ سے لاپتا، لاڑکانہ میں احتجاج

لاڑکانہ (این این آئی) دبئی سے واپس آنے والے نوجوان کے کراچی ایئرپورٹ سے مبینہ طور پر لاپتا ہونے کے خلاف احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

کراچی، ریڈ لائن منصوبے کا زیر تعمیر یوٹرن پل کا ڈھانچہ زمین بوس، سیکیورٹی گارڈ جاں بحق

کراچی (این این آئی) گلشن اقبال یونیورسٹی روڈ بیت المکرّم مسجد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

الائنس فرانسیز کراچی میں تصویری نمائش کا افتتاح

فرانسیسی فوٹوگرافر ایزابیؤ ڈی روفینیاک کی 30 دستاویزی تصاویر میں سندھ کی متاثرہ کم عمر لڑکیوں کی زندگی، مشکلات اور کہانیاں پیش



کراچی (بزنس رپورٹر) الائنس فرانسیز کراچی کے زیر اہتمام موسمیاتی تبدیلی اور کم عمری کی شادیوں کے باہمی تعلق کو اجاگر کرنے والی دستاویزی تصویری نمائش ''دی ٹو ینگ مون سون برائیڈز'' (The Too-Young Monsoon Brides) کا افتتاح آواری ٹاورز میں کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں کراچی کے سفارتی، ثقافتی اور تعلیمی حلقوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

جوبلی لائف انشورنس اور دوا گو کا لائف انشورنس معاہدہ


واصف خان، فیض الحسن، عبدالقدیر بھٹی، سید محمد احسن کی خاص شرکت، جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو دوا گو پر خصوصی رعایتیں دینگے

کراچی (بزنس رپورٹر) جوبلی لائف انشورنس اور دوا گو (DVAGO) نے صحت اور فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے باہمی اشتراک کیا ہے۔ اس شراکت داری کے تحت جوبلی ایکنو ایپلیکیشن (Active) کے ذریعے جوبلی لائف کے پالیسی ہولڈرز کو دوا گو پر خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)



17 ارب کے ریفرنس میں شریک ملزم اقبال زیڈ احمد کی ایف آئی اے انکوائری کیخلاف درخواست، وکیل کا مؤقف، ایف آئی اے کو انکوائری کا اختیار نہیں، تفتیشی افسر نے اقبال زیڈ احمد کا بیان ریکارڈ کرنے کی تصدیق کردی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں ڈاکٹر عاصم حسین و دیگر کے خلاف 17 ارب روپے کے ریفرنس میں شریک ملزم اقبال زیڈ احمد کی ایف آئی اے انکوائری کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ایف آئی اے کو انکوائری کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ سماعت کے دوران ایف آئی اے کا تفتیشی افسر بھی عدالت میں پیش ہوا۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ اقبال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)



شیخ امتیاز حسین ایف پی سی سی آئی کے پاکستان، امریکہ بزنس کونسل کے دوبارہ چیئرمین تعینات

پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز پاکستانی کاروباری شخصیت شیخ امتیاز حسین کو ایک بار پھر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی پاکستان، امریکہ بزنس کونسل کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ یہ تقرری پاکستان اور امریکہ کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے ان کی مسلسل قیادت اور عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ شیخ امتیاز حسین پاکستان کی کاروباری برادری کے ایک نمایاں رکن ہیں اور انہوں نے مختلف قومی اور بین الاقوامی کاروباری فورمز پر پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ ایک تجربہ کار کاروباری شخصیت اور لیڈر کی حیثیت سے وہ پاکستان کی برآمدات، غیر ملکی سرمایہ کاری، تجارتی سہولت کاری اور بین الاقوامی کاروباری شراکت داریوں کو فروغ دینے میں سرگرم عمل رہے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: ارشد ہاشمی

معروف اخبار پاکستان آبزرور کے چیئرمین فیصل زاہد ملک کے صاحبزادے ابراہیم فیصل ملک کی شاندار تقریب، یوسف رضا گیلانی، نہال ہاشمی جلوہ گر

نکاح ممتاز عالم دین مولانا بشیر فاروقی نے پڑھایا، پروقار تقریب میں سیاسی، سماجی، سفارتی، کاروباری شخصیات نے بیگم وفیصل زاہد ملک، بیگم وگوہر زاہد ملک، بیگم وعمر زاہد ملک اور والدہ ریحانہ زاہد ملک کو ڈھیروں مبارکباد پیش کیں

شرکت کرنیوالے اہم افراد میں ریئر ایڈمرل سلمان الیاس، سید غوث علی شاہ، قاضی اسد عابد، سینیٹر سرمد علی، ڈاکٹر سیف الرحمٰن، اکرم ولی محمد، خالد تواب، سراج الدین عزیز، مرزا اختیار بیگ، خلیل نینی تال والا

مسعود پارکیہ، اختر ٹیسوری، ذیشان الطاف لوہیا، محمد عاطف حنیف، قونصل جنرل بحرین، ایران، یمن، مراکش، فضل کریم دادا بھائی، ذیشان ذکی، جنید نقی، امان پیر، ابراہیم تواب، حمزہ تبانی، معیز بن زاہد شامل





کراچی (علیم نواب خان سے) پاکستان آبزرور کے چیئرمین فیصل زاہد ملک کے صاحبزادے ابراہیم فیصل ملک کی شادی کی پروقار تقریب کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں ملک کی ممتاز سیاسی، سفارتی، کاروباری، صحافتی اور سماجی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب خوشگوار اور پُروقار ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں معزز مہمانوں نے فیصل زاہد ملک اور ان کے اہلِ خانہ کو مبارک باد پیش کی اور نو بیاہتا جوڑے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جبکہ مرحوم لیجنڈ صحافی زاہد ملک کی اہلیہ اور فیصل زاہد ملک، گوہر زاہد ملک اور عمر زاہد ملک کی والدہ ریحانہ زاہد ملک نے خصوصی طور پر اس تقریب میں شرکت کی اور اس موقع پر فیصل زاہد ملک، عمر زاہد ملک بھی پیش پیش رہے اور خندہ پیشانی سے مہمانوں کا استقبال کیا۔ تقریب میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ نہال ہاشمی، ڈائریکٹر شپ یارڈ ریئر ایڈمرل سلمان الیاس (ہلالِ امتیاز ملٹری)، سابق وزیر اعلیٰ سندھ سید غوث علی شاہ اور گورنر سندھ کے مشیر سیف الرحمٰن سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ سفارتی حلقوں کی جانب سے بحرین کے قونصل جنرل عبداللہ احمد بوقبوس، ایران کے وائس قونصل جنرل غلام عباس زایولی، یمن کے اعزازی قونصل جنرل مرزا اختیار بیگ اور مراکش کے اعزازی قونصل جنرل مرزا اشتیاق بیگ بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ صحافتی، کاروباری اور سماجی شخصیات میں آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (اے پی این ایس) کے صدر سینیٹر سرمد علی، سراج الدین عزیز، خالد تواب، ذیشان ذکی، قاضی اسد عابد، سعدیہ راشد، کلیم فاروقی، خلیل نینیتال والا، ابراہیم تواب، فضل کریم دادا بھائی، حمزہ تابانی، اکرم ولی محمد، ذیشان الطاف لوہیا، حاجی مسعود پارکیہ، سید جاوید اقبال، مبشر میر اور اسد عالم نیازی نے شرکت کی۔ تقریب میں شریک دیگر نمایاں مہمانوں میں بابر عباسی، محمد عاطف حنیف، جنید نقی، جنید الرحمٰن، فیصل عباسی، احسن مختی، امان پیر، عمران ٹیسوری، اختر ٹیسوری، سابق قومی کرکٹر شعیب محمد، ذوالفقار ہالیپوٹو، غازی صلاح الدین، سلیم میمن، عاصم اعوان، معیز بن زاہد، ہیرا معیز، مولانا آزاد جمیل، امجد رانا، ندیم شیخ ایڈووکیٹ، حمید اسلم، خورشید حیدر اور جام فاروق شامل تھے۔ شادی کی اس تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت نے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے فیصل زاہد ملک اور ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی اور خوشی کے اس موقع پر مبارک باد پیش کی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے ابراہیم فیصل ملک اور ان کی اہلیہ کے لیے خوشگوار ازدواجی زندگی، خوشیوں، کامیابیوں اور روشن مستقبل کی دعاؤں کا اظہار کیا۔

